جو تھا تخلیہ اُس کا بحر عمیق | وہی ہم سخن جس میں تھا وہ غریق | وہی ہمنشین اُس کی تنگی و ضیق | وہی چاہ تاریک اُس کا رفیق
وہی سنگ سر پر بجائے شفیق

اندھیرے میں دنیا سے ہو ان کا تو | وہ راتوں کو جاگے رہے نکو سو | پرندہ نہ پر مارے جس سمت کو | ہوا بھی نہ دہان جس کی دمساز ہو
کنویں کی سنے کون آواز کو

اندھیرے میں نزات ہو راز کو | تو سمجھے وہ کس طرح انداز کو | تو آئے نہ کیوں جانسے بازو | ہوا بھی نہ واں جس کے دمساز ہو
کنویں کی سنے کون آواز کو

کنویں میں سدا آلسی گنگا ہے | کنویں میں رہیں تحمل غم لیا ہے | کنویں میں الم کے اژدر چپکے | کنواں ہی مدام اسکا ہمدم رہے
جو اس سے سنے وہی اُس سمجھے

وہ رڑسے کنویں کے تھے گو جی آوے | کنواں اُسکو پوچھے وہ پوچھ آوے | کنواں اُسکو پوچھے وہ بوجھ آوے | کنواں اُسکو پوچھے وہ پوچھے آوے
اندھیرے سوا کچھ نہ سوجھے آوے

ہے تنگی میں دیکھو وہ پتلی کا تل | مگر چاہ بیژن کے رہتا متصل | اندھیرے سے رہتا ہے مشتعل | سیاہی میں جیسے کہ ہو کافر کا دل
صعوبت میں اُس سے جہنم خجل

اندھیرے میں وحشت سیاہی گور | سیاہی گور اُسکی تھی نور نور | شب تار اُسکے تھی ظلم کا قصور | نہ شبکی سیاہی نہ دنکا وہ نور
سدا خلوت غم کا اُسکو ظہور

بلائے محبت کہ جس کے لئے | جنھوں اُسنے اُلفت میں کیا کیا لئے | وہ عیش و طرب سب کہ تھے کئے | غم و درد و آفت کا کھا کیا جئے
لہو پانی اپنا کنویں میں پئے

بھرے تھے تمام اس میں جو رنج و ستم | بلا آفت و درد و غم سب بہم | الم رنج و غم سوز ہم دم بدم | نشا وہ کنواں تھا ستون الم
نشان شب آفت و درد و غم

نہ ہو سوجھتی ہے نکلنے کی راہ | ہوئی دمبدم اُسکی حالت تباہ | غضب کا تھا تاریکی الٰہی چاہ | اُس اندھیر کو کیا لکھوں میں آہ
تو آنکھ سے نکلتے ہیں آنسو سیاہ

بیان کر چکا ہوں میں سب بار دات | ہوئی ہے جو کچھ اُسکی براۃ | بہت طول کرنے سے پاکر نجات | کروں مختصر بیان اب غمکی بات
لگا رہنے اُس میں وہ آب حیات

رکھے کب تلک بیٹھے رب اُسے | قیامت کا دن ہو ہر اک شب اُسے | مصیبت بتاتا ہے ہر شب اُسے | نہیں مخلصی سوجھتی اب اُسے
نکالے خدا دیکھئے کب اوسے

نکوئی ندیم اور نہ کوئی مشیر | نہ کوئی شفیق اور نہ کوئی بشیر | کنویں کی اندھیری میں ہے اب اسیر | پہنسا اس طرح سے جو دبلے نظیر
پڑی بیقراری میں بدر منیر

غم عشق ہجر کوہ اور دل ہے کاہ | کجا دو پہاڑ اور کہاں برگ کاہ | فقیر آہ میں ہو کوئی یا ہو وہ شاد | بھرے دلو میں ہوتی ہے چاہ

تو ہوتی ہو دل کی تیئں دل سے راہ

وہان رنج اور یہان پہ تم ہوا   وہان زخم یہان گھاؤ پیہم ہوا   لگا خار وہان یہان روان دم ہوا   تعلق وہان جو گزرا تو یہان غم ہوا
مرکا جی وہان یہان خفا دم ہوا

جدائی کی آفت ہوئی سنگ راہ   لگی ہونے خود اوسکی حالت تباہ   بہت راہ دیکھی سر شام آہ   کئی دن نہ آیا جو وہ رشک ماہ
نظر مین ہوا اوس کی عالم سیاہ

بہ روئے پہ روئے سمندر چڑھا   لدا اوسکی گردن پہ غم کا جوا   مخاطب ہے بولی جو آیا سوا   لگی کہنے … ہوا
خدا جانے اوس شخص کو کیا ہوا

وہ بیمار ہے یا کہ اچھا ہے کچھ   نہین حال معلوم ہی کیا ہے کچھ   مجھے اوس سے الفت کا رشتہ ہے کچھ   کہا … ہے کچھ
وہ معشوق ہے اوسکو پروا ہے کچھ

کوئی کام درپیش اوسکو ہوا   پرستان سے وہ گیا اور کیا   جب آئیگا تم پاس آ جائیگا   خدا جانے … کیا
مری چڑ ہے اتنا بھی ہونا فدا

لگا جی پری سے ہوا اوس کا بیاہ   اڑا لائی ہے اوس کو وہ خواہ مخواہ   وہ عاشق وہ معشوق دونو ہیں راہ   وہ … تم کو دلاتا ہے چاہ
عبث آپ کو تم کرو مت تباہ

ذرا عقل کو کام فرمائیے   ذرا عالم ہوش مین آئیے   سمجھئے ذرا دل کو سمجھائیے   رکے جو کوئی اوس سے رک جائیے
جھکے جو کوئی اوس سے جھک جائیے

حیا تو نہین جی اپنا ڈالا کرو   وہیان آئے جب اوسکو ٹالا کرو   ہماری ذرا بات پالا کرو   تفول بھلا کچھ نکالا کرو
ذرا آپ کو تم سنبھالا کرو

جدائی کا سر پہ پڑا یہان عذاب   تپ ہجر سے جان و دل ہین کباب   جو کچھ کہا دایا طعن سننے لگے تاب   یہ سن چپ رہی دل مین کھا پیچ و تاب
دیا کچھ نہ اس بات کا کچھ جواب

سمجھ کر ذرا دل مین کی غور بھی   جدائی کے دل پہ ہے جور بھی   زمانے نے بدلے ہین دور بھی   گئے ہاتھ سے ان کے کچھ اور بھی
بگڑنے لگے پھر تو کچھ طور بھی

سدا ہجر الفت مین ترسنے لگی   زمین از غم سے چرنے لگی   لہو دونو آنکھون سے جھڑنے لگی   دیوانے سے ہر سمت پھرنے لگی
ورختون مین جا جا کے گرنے لگی

محبت سے پی پی کے ہر دم شراب   گزک کے لئے دل کے بھونے کباب   تسلی کا ہونے لگا گھر خراب   ٹھہرنے لگا جان مین اضطراب
لگی دیکھنے وحشت آلودہ خواب

وہ پھر آپ ہی جیکی مرنے لگی   یہ مقراض غم گل کترنے لگی   محبت کی آتش بھڑنے لگی   تپ ہجر گھر دل مین کرنے لگی
دُر اشک سے چشم بھرنے لگی

وہ کونون مین پڑ پڑ کے رونے لگی   وہ یون داغ غم دل سے دھونے لگی   وہ تخم الم جی مین بونے لگی   خفا زندگانی سے ہونے لگی
بہانے سے جا جا کے سونے لگی

وہ رتی کو کہتے تھے ہین نہ پاپ تپنچہ کو کہتے تھے وہ جانب چاپ سمجھ جاتے تھے لوگ سب بات باپ تپ غم کی شدت سے وہ کانپ کانپ
اکیلی لگی رونے منہ ڈھانپ ڈھانپ

نہ ہنسنا وہ باتین اور نہ چہلنا گلے مین محبت کا ہے ہولنا الم کی ترازو مین غم تولنا نہ اگلا سا ہنسنا نہ وہ بولنا
نہ کھانا نہ پینا نہ لب کھولنا

جہان جا کے بس بیٹھ رہ پڑ رہے اٹھا دے کوئی تب وہ بیٹھی اٹھے کہا گر کسی نے چلو تو چلے جہان بیٹھنا پھر نہ اٹھنا اسے
محبت مین دن رات گھٹنا اسے

کہا گر کسی نے کہ بیٹھی چلو منگا پالکی اس مین بیٹھی چلو اب آہستہ تم یا کہ جلدی چلو کہا گر کسی نے کہ بی بی چلو
تو اوٹھنا ادھر سے دکھ کے پائنچے چلو

اگر کسی نے کدھر خیال ہے کہا یار کا ہجر جنجال ہے محبت کا زور پر بچھا جال ہے جو پوچھا کسی نے کہ کیا حال ہے
تو کہنا یہی جو کہ احوال ہے

کسی نے جو آکر ملاقات کی سہیلی ہو وہ سنگ یا سات کی غرض جو وہی تھی ہر اوقات کی کسی نے جو کچھ بات کی بات کی
اگر دن کی پوچھی کہی رات کی

جو دل کی کوئی کچھ تو فرمایئے کہا حال دل کیونکہ بتلایئے جو ہمدرد ہو اس سے کہہ جایئے جو پوچھا کسی نے کچھ کھایئے
کہا خیر بہتر ہے منگوایئے

چمن لہلہا اور ٹھنڈی ہوا ہر اک گل ہے رنگین کیا کیا کھلا کسی نے کہا دیکھیے ہے خوش فضا کسی نے کہا سیر کیجے ذرا
کہا سیر سے دل مرا ہے بھرا

محبت کسی سے نہ کیجئے اسے برتنا یہی بس قرینہ اسے ہر اک لحظہ گذرے ہے جینا اسے جو پانی پلانا تو پینا اسے
غرض زہر کے ہاتھ جینا اسے

نہ دن کی صدا پر لگے اسکے گوش اوسی کی محبت کا دل مین خروش سدا کرنا شور اور غم کو نوش نہ کھانے کی سدھ اور نہ پینے کا ہوش
بھرا دل مین اس کے محبت کا جوش

نہ جوہی نہ آئینہ یہان کارگر نہ ذرہ نہ خورشید سے بہرہ ور نہ قمری نہ شمشاد کی کچھ خبر چمن پر نہ مائل نہ گل پر نظر
وہی سامنے صورت آنکھون پہر

وہی ذرہ ہے اور وہی آفتاب وہی مے وہی ساقی اور کباب وہی بحر وہ نقش وہی حباب نہفتہ اوسی سے سوال و جواب
سدا ورد ہر دم اوس کے غم کی کتاب

وہی آبجو وہ قد وہی سرو آب اوسی بیت ابرو کا پڑھنا علو اوسی نسخہ غم کا کرنا حساب نہفتہ اوسی سے سوال و جواب
مدار وہ ہر دم اوسکے غم کی کتاب

اگر چھیڑ دے کوئی مضمون دل جان معانی کی صورت وہی تن بدن کبھی گر ہو تقریر شایستہ فن جو آجائے کچھ ذکر شعر و سخن
تو پڑھنا یہ دو تین شعر حسن

غزل

یہ کیا عشق آنکھون رلانے لگا　یہ کیا عشق کا لون سنانے لگا　یہ کیا عشق جی کو بٹھانے لگا　یہ کیا عشق آفت اٹھانے لگا

مرے دل کو مجھسے چھڑانے لگا

کہان ہے کدھر ہے وہ گلرو مرا　ہے کس کا برج مین وہ مہر امہ تھا　شتابی شتابی پئے مصطفےٰ　ملا میرے دلبر کو مجھسے خدا

نہین تو مرا دل ٹھکانے لگا

مجھے شکوہ اغیار کا کچھہ نہین　قصور آہ مین غمخوار کا کچھہ نہین　گلہ مجھکو دلدار کا کچھہ نہین　گنہ چشم خونبار کا کچھہ نہین

مرا دل ہی مجھکو ڈبانے لگا

مجھے عیش آنکھون دکھایا تھا　مجھے ساتھ اُس کے سلایا تھا　شب و روز مجھسے ملایا تھا　فلک تو نے اتنا ہنسایا تھا

کہ جسکی عوض یون رلانے لگا

دکھایا بہت مجکو رنج و محن　خزان بنگیا میرا گلشن چمن　ہے باطن کا اقرار ظاہر سخن　نہین مجکو دشمن سے شکوہ حسن

مرا دوست مجکو ستانے لگا

گہے غصہ سے سرخ گہ غم سے زرد　گہے رخ چنبیلی گہے رشک ورد　قصیدہ نہین تو اٹھا غم کی فرد　غزل یا رباعی و یا کوئی فرد

اُمید ہے بجا پڑھنا کہ ہو جس مین درد

جو صحبت مین احباب و ہمنشین　بہم ہوئین مانند نقش و نگین　مکلف ہو تو ہو کے چین بر جبین　سو یہ بھی جو مذکور نکلے کہین

نہین تو کچھہ اسکی بہی خواہش نہین

تو کیون یہ کہ دل تو پریشان ہو اب　کجا راحت و عیش و عشرت طرب　یہی وجہ کامل ہے اِس کا سبب　سبب کیا کہ دل سے تعلق ہے سب

نہو دل تو یہ بات بہی ہے غضب

نہو دل ٹھکانے جہان ایک پل　جہان جی ہو بیکل تو پھر کیسی کل　بہرے دل سے خالی ہو میری بغل　گیا ہو جب اپنا ہی جیوڑا نکل

کہان کی رباعی کہان کی غزل

نہال سخن کا سرسبز ہونا گلہاے بوقلمون کا شگفتگی سے باغ باغ بنا ترانہ سنجی مطرب خوش نواے قلم کی زہرۂ سیرت بکر طبع کا رقص کرنا اور راوی مجالس مین بدر منیر کو یاد آنا بے نظیر کا اور

آتش شوق کا بھڑک کر دل عاشق مین کام کرنا تیر کا

بسی جسمین خوشبوے عطر و گلاب　چنبیلی کی دلجوئی ہو باریاب　صفا سبو کی کیسی ہو وے نور آب　گلابی مین غنچہ کی بھر کر شتاب

پلا ساقیا کیتکی کی شراب

گل اشرفی ہان ہو قیمت گران　زر گل ہو پیمانہ دور یہان　سبو ساغر لالہ خونفشان　پیالہ مین نرگس کے دے سیر ہان

کہ دیکھون مین کیفیت بوستان

مین ہون راوی داستان کرم　مین ہون حاکی قصہ بیش و کم　مین ہون ناقل حال لیکر قلم　حکایت کرون ایک ان کی رقم

کہ دنیا مین توام ہین شادی و غم

پڑی ابتر رنج پر بستر سری　کہ نہ آئے شاید ہون غم سے بری　بجائے غمکی آنکھوں مین لیکر تری　اُٹھی سو کے اکدن وہ رشک پری
کہا جاکے دیکھوں چمن کو ذری

رہے ہیں گل ولالہ ہر سمت کھل　ہمانسیں ہیں سمن سیوتی دو دو مل　فضا باغکی دیکھکر متصل　مگر غنچہ ساں کچھ کھلے میرا دل
کہ غم نے کیا ہے نپٹ مضمحل

دلاتا ہے گل یاد رخسار کی　بنفشہ لئے ہے بو زلف خمدار کی　بہار آگئی صبح دیدار کی　زبس گل سے آتی ہی بو یار کی
ہوا یہ رہوئی اوس کو گلزار کی

یہ کہہ اُٹھکے بیٹھی وہ پاکیزہ خو　کہا دل لگے گر نہیں ہے تو ہو　طبیعت بہل جائے شاید چلو　پھر ایک دن تہا کہ منہ ہاتھ دہو
چلی اوٹھکے دالان سے سیر کو

تو آگے سے اوسکو نظر آگیا　سہانا سا سایہ درختوں کا کیا　کہا دل سے ابتو یہیں بیٹھ جا　زمرّد کا مونڈھا چمن مین بچھا
وہ بیٹھی عجب آن سے دلربا

کہوں پا رنیاں تو کیونکر بھلا　دو زانو کی ترکیب سے بھی جدا　ولے اُسکا نقشہ ہی اس شکل کا　کھڑاؤں کو اک پانوں پر دہر لیا
اور اک پانوں مونڈھے سے لٹکا دیا

بہت سرخ ہیں اُس پانوں سے پائمال　بہت دل ہیں اس پر قیامت کی چال　عقیق یمن کا ہوا خون حلال　نپوچھ اُسکی پائے نگارین کا حال
زبان حنا وصف مین جسکے لال

گیا آسمان پر حنا کا دماغ　کہ سر اس قدم سے لگا یا فراغ　گل ارغوان کا ہوا گل چراغ　کفک اور فندق سے لالہ کو داغ
ہوا ایسی کیفیت پائیں باغ

ادہر جان مرجان کے ہے ہمیں تنگ　اودہر لعل کا خون ہوا دل میں انگ　دو رنگی کے رنگوں کی آپس مین جنگ　طلائی کڑے اور کفک کا وہ رنگ
سنہری شفق دیکھ جسکو دنگ

لگے سخت دل کے کلیجے کو چور　وہ پاہات آئین تو قسمت کا زور　نزاکت مین تھین اُنگلیاں شعر لور　جواہر کے چھلّے پڑے پور پور
زری کی ٹکی جیسے مخمل پہ نور

[illegible] ماہ مبین　وہ ماہ مبین سے زیادہ حسین　کہوں کیا اُسے موج دریا جبین　زبس سوتی اُٹھی تھی وہ نازنین
پڑی تھی عجب اسکے چین جبین

[illegible] آئیاں　ذقن پر وہ مستی کی پرچھائیاں　وہ سرمہ کی تحریرین بہ آئیاں　خماری وہ انکھیاں وہ انگڑائیاں
وہ جوبن کے عالم کی سرسائیاں

[illegible] حسن بے اختیار　ٹپکتا ہوا رنگ رخسار یار　وہ اوٹھتی جوانی سی جی بیقرار　جوانی کا موسم شروع کی بہار
وہ سینہ سے اُسکے کچونکی اوبھار

شرابی جام آگے لے بیٹھنا　بہک کر کے دشنام دے بیٹھنا　غرض آپ بن بن اُسے بیٹھنا　نشے مین وہ آ حسن کے بیٹھنا
وہ چھب تختی اپنی کو دیکھ اینٹھنا

تماشا عجب ہر طرف تھا جڑی　کہ خوشبو وہان تھین ہر یون پڑی　ادب سے قریب سے پیچھے اڑی　خواص ایک حقہ لئے تہی کھڑی

کہ اللہ کی پتی تھی اور پانی پری

بنا تھا حلب ہی میں بصد انتظام وہ نازک بھی ایسا کہ دل جس کا تھام ہوا کی نزاکت رکھے جس کو تھام وہ شیشے کا حقہ مرصع کا کام
مشرق زر نگار وہ نیچہ تمام

وہ آتش دلِ عاشقان تھی مگر چلم کی تواضع میں رکھی تھی بھر جو دم کش وہ کرتی تو اس طرح پر لبِ نازک اوپر وہ مہتاب دہر
نکالے تھی پردے میں دودِ جگر

جلا سوزِ الفت سے دل سر بسر تو ظاہر میں حقہ وہ پیتی اگر دھوان سینہ سے باہر آتا تھا پر لبِ نازک اوپر وہ نہال دہر
نکالے تھی پردے میں دودِ جگر

دھوان چھوڑ کر دم بخود ہوئی آہ غضب پھونکتی سوزِ الفت کی راہ کہ ہر سے نظر آئے وہ رشکِ ماہ ادہر اور اُدھر ہر طرف تھی نگاہ
کسی کی کوئی جیسے تکتا ہو راہ

تو خدمت گزاری میں بانوشِ نیش کوئی خندہ زن اور کوئی سینہ ریش کوئی خلق مشرب کوئی ظلم کیش خواصین کھڑی آکے سب گرد و پیش
جو تھیں اپنے عہدے پہ حاضر ہمیش

کوئی چتر لے اور کوئی خاصدان کوئی منتظر حکم کی ہر زمان پکارا تو بولی کوئی جیسے مان کوئی لے چنگیر اور کوئی پاندان
کوئی مورچھل لے کوئی پیکدان

کوئی ہو تو چنبا چلین میں چست کوئی رکھے سنجیدہ عقل نخست نکیلی مبارک قدم ہے درست رسیلی چھبیلی بنی ٹھنگ سا چست
لباس اور زیور سے ہر اک درست

ہیں حاضر ادب سے خموشی لب بجا لائیں جو کچھ کہ ہو حکم جب بہم دست بستہ یہ وہاں سب کے سب کھڑی آنکھیں نیچی کئے با ادب
اسی شرم سے پر قیامت غضب

پلٹ جائے تیغا جو ابرو کا واہ الٹ جائے صف قتل ہو خواہ نخواہ نگہ نرگس و گل ہی تکتے تھے راہ وہ آنکھیں کہ کرتی تھیں جب یہ نگاہ
اُدہر غش میں آتا تھا ہر پھول آہ

کروں ہمنشینوں کی اب گفتگو قلم کو ندیموں کی ہے جستجو امیروں کی دوشیزگان خوبرو کئی ہمدم ایسی کہ جو تھیں ماہرو
بچھائے ہوئے کرسیاں سو بسو

مقابل یہاں سے وہاں تک مگر وہاں سے وہاں تک وہاں سے گزر جہاں تک پہنچتی ہے حدِ نظر وہ گرد اوس کے بیٹھی تھیں صف باندھ کر
برابر برابر ادہر سے اُدھر

جوانانِ گلشن میں سیرے گواہ لگا سرو سے جوئی تک در گیاہ عجب سیر اور لطف تھا خواہ نخواہ سماں اُس گھڑی کا کہوں کیا میں آہ
ستاروں میں تھا جلوہ گر ایک ماہ

وہ سب باغمیں باغ گلزار پر بہار چمن جوش پر اس قدر خوشی میں ہوا غنچہ گل پھول کر عجب حسن تھا باغ میں جلوہ گر
کہ ہر گل کی تھی اوس پہ نظر

عنادل کو دل کا کہاں ہوش تھا ہر اک زمزمہ سنج گوش تھا پڑا ایسا سناٹا کہ خاموش تھا چمن اُس گھڑی پر سر جوش تھا
گل و غنچہ جو تھا سو مدہوش تھا

منگا موتیا کیوڑا اور جوئی　حنا صندل و مشک بہم ہر کوئی　وہ مجموعۂ عطر خود تھی بنی　زبس عطر مین تھی جو ڈوبی ہوئی
وہ بالا ہر اک گل کی خوبی ہوئی

ہوئے بانکے عقل کے گل چراغ　پڑا رشک سے دلمین لالہ کے داغ　معنبر ہوا باغ با صد فراغ　معطر ہوا اور گل کا دماغ
کہ مہکا تمام اوس کی خوشبو سے باغ

چمن مین جو بیٹھی تھی وہ گلبدن　چمن در چمن بس گیا باغ بن　بگاڑی ہر اک گل کے رخ کی پھبن　پڑا عکس جو اوسکا طرف چمن
ہوا لالہ گل اور گل نسترن

گیا غم سے رنگ رخ گل ٹپک　ہوا یاسمن کا بھی پھیکا نمک　گلون کا یہ رنگ ہو گیا یک بیک　درختون پر اُسکی پڑی جو جھلک
زمرد کو دی اور اُس نے چمک

وہ مہ پارہ تھی ایک عابد فریب　وہ حسن و جوانی وہ صورت عجیب　گل و لالہ سنبل بچارے غریب　ہوئی اُسکے بیٹھے سے گلشن کو زیب
گیا اور صبا کا بھی صبر و شکیب

وہ عارض برنگ گل آبدار　وہ کاکل کا بل ڈالے سنبل کو مار　جبین رشک گل اور رخ گلعذار　چمن نے جو اُس گل کی دیکھی بہار
ہوا دیکھ اپنے گلو نیز فکار

ہوئے حسن پر اُس کے سب منفعل　کوئی منفعل اور کوئی مشتعل　بہم ہو کے انصاف سے معتدل　گل و غنچہ و لالہ آپس مین مل
لگے کہنے اس باغ کا ہے یہ دل

نہ شمعون سے پروانون نے رکھی ہے راہ　چکوروں کے دل دے گیا عشق ماہ　اُڑی فاختہ چھوڑ شمشاد واہ　گئی دل سے بلبل کے گلشن کی چاہ
ملی سرو کی شکل قمری کو آہ

گیا باغ کو اُس نے محو اسقدر　کسو کو کسی کی نہ تھی کچھ خبر　کچھ اس وجہ حیرت ہوئی آنکر　بنے وہان کے آئینہ دیوار و در
وہ مہ سب کے دل مین ہوئی جلوہ گر

اُسے ایک جلوے کی ہی سو جلا　کہ وحدت کو کثرت مین دکھلا دیا　یہ کچھ ہے سو ہے اور جو کچھ تھا سو تھا　کہ اتنے مین جو جی مین کچھ آگیا
ادا سے لگی کہنے وہ دلربا

وہ باغ و بہار اور وہ دلربا　وہ گل کھل رہے اور ٹھنڈی ہوا　سمان بندھ رہا تھا عجب لطف کا　کہ اتنے مین جو جی مین کچھ آگیا
ادا سے لگی کہنے وہ دلربا

نہ کچھ دیر کو کام فرمائیو　توقف نہ ہرگز ذرا لائیو　چنبیلی رسیلی وہ وادائیو　اری ہے کوئی ہان ذرا جائیو
مری عیش بائی کو لے آئیو

عجب باغ ہے اور عجب باغبان　عجب گل کھلے ہین عجب بوستان　عجب زمزمے ہین عجب بلبلان　عجب وقت ہے اور عجب ہے سمان
کرے دو گھڑی آکے مجرا یہان

جدائی کا صدمہ کبھی طول ہو　الم رنج و غم سے ور معمول ہو　گئے عیش و عشرت کبھو بھول ہو　خفا ہون مرا دل بھی مشغول ہو
کوئی دم تو داغ جگر پھول ہو

فراق میں سہو ہو بھول ہو　الم مختصر ہو نہ غم طول ہو　خوشی اُڑ گئی خاک ہو دھول ہو　خفا ہون مرا دل بھی مشغول ہو

چمن ہوئے گر آج خلد بریں   جلیسو نہیں ہوں حور عیں ہمنشیں   ارم ہو کہ فردوس اعلیٰ کہیں   کسی طرح جی میرا لگتا نہیں
جلے ہے جگر دل سُلگتا نہیں

رُخ گل چمن میں جھلکتا نہیں   وہ یا مینا کا ساغر چھلکتا نہیں   خم بادہ کسیدن ڈھلکتا نہیں   کسیطرح جی میرا لگتا نہیں
جلے ہے جگر دل سلگتا نہیں

لہو کب مژہ پر جھلکتا نہیں   کب آنکھوں کا ساغر چھلکتا نہیں   بھڑکتا نہیں کب بلکتا نہیں   کسیطرح جی میرا لگتا نہیں
جلے ہے جگر دل سلگتا نہیں

مگر اس گھڑی گل پہ ہوا اک بہار   نوائے چکاوک ہے صوت ہزار   طبیعت بھی شاید ہو پرُدرد کار   یہ سنتے ہی دوڑے گی اک نوکا
لیا عیش بائی کو اوس نے پکار

لباس تکلف پہن شان سے   اٹھا کر قدم آن سے بان سے   وتیار ہو ساز و سامان سے   وہ کافر لگی آنے اس آن سے
کہ جانے لگا جی مسلمان سے

قدم سے سرافراز ہوتی زمیں   قرینہ سے فتنہ کے تھا یہ قریں   گرتا ہے نقش قدم پر جبیں   عجب چال سے وہ چلی نازنیں
کہ مستی ہیں پانوں کہیں کا کہیں

وہ عشرت کی کثرت وہ جلسہ ٹھنا   وہ گل کی مہک اور وہ گلشن گھنا   وہ بلبل کی چہچہ وہ صوت غنا   وہ خلقت کی گرمی وہ دوپہر بنا
نشے میں بھبوکا سا چہرہ بنا

جبیں کی چمک رشک و سے قمر   وہ افشاں ثریا سے بھی جلوہ گر   وہ بکھری ہو بال رخسار پر   لٹیں منہ پہ چھوٹی ہوئی سر بسر
کہ بدلی ہو جوں مہ کے ادہر ادہر

وہ ڈہلکا ہوا سرمہ آنکھوں کا سب   وہ ہونٹوں کا لاکھا کرے دل طلب   وہ لب غیرت لعل تھے لیکن اب   وہ بن پوچھی ہونٹوں کی مسّی غضب
کہ منہ پر تھی گویا قیامت کی شب

نہ توڑا نہ ہار اک نہ لالا پڑا   گلے میں نہ اس نے نہ مالا پڑا   نہ کچھ اور زیور کو پالا پڑا   فقط کان میں ایک بالا پڑا
کہے تو کہ تھا مہ کے ہالا پڑا

وہ کرتی تھی آب رواں آبدار   پھر اوس میں دہنک کی تھی نو قطار   وہ چھڑیاں ٹکیں جیسے لپر ہو بار   وہ پشواز اگری وہ نرگس کے ہار
وہ کمخاب کے بند رومی ازار

دوپٹہ نہ کچھ اوڑھنی کی مثال   نہ رومال کا دوش کو کچھ خیال   نہ کنگھی نہ چوٹی کھلے سر کے بال   بندھا سر پہ جوڑا پڑی زرد شال
کمر کی لچک اور مٹک کی وہ چال

بُرا چھوٹے کپڑے کا مضمون تھا سُست   نہ کی شو و شست اوسکی ہیں نے سخت   نخستین اوسکی ہیئت یہ کی شود و شُست   وہ شبنم کی انگیا بنی تنگ و چُست
کنارو نپہ میدا نتا کا درست

وہ چینپا لگی اُس میں اعجاز کی   وہ لہریں دہنک کی نئے ناز کی   وہ مٹتی ہوئی گوٹ اعزاز کی   وہ اُٹھی ہوئی چالیں پشواز کی
وہ سکی ہوئی چولی انداز کی

صدا جہانجھ کی کان میں جو پڑے   تو دل پہلو میں چھڑا چھڑ چھڑے   نہ غرق حسن ہو نظر جب گڑے   وہ مہندی کا عالم وہ تلوے سے چہرے

وہ پانون مین سونیکے دو دو کڑے

وہ اس طرح جوبن دکھاتی ہوئی   دلِ عاشقون کو لبھاتی ہوئی   کچھ اِس گردرہ کو بچاتی ہوئی   چلی وہان سے دامن اٹھاتی ہوئی
کڑے سے کڑے کو بجاتی ہوئی

چمن مین تھین غش قمری فاختہ   جو آہون کو تھی سرو بھی باختہ   نظر جو پڑا قد افراختہ   عجب ایک عالم تھا بے ساختہ
کہ عالم تھا اک اوسپہ جان باختہ

چلین اور بھی اپنا دکھلاکے ناز   عجب ناز اور طرفہ انداز و راز   خدا ساز تھین ساتھ با ترک و تاز   کئی کافرین اور بھی دلنواز
لئے ساتھ ساتھ اُسکے سب اپنا ساز

اٹھاتی ہوئی پانون اعزاز سے   مگر ناز واقف نہو راز سے   صدا کو ملاتی ہوئی ساز سے   چلین ایک اعزاز اور ناز سے
کھڑی وہان ہوئی ایک انداز سے

سنبھالے ہوئے اپنا عقل و شعور   بجا لائین آداب سب بے قصور   ہوا انت جلبس کا ایا عزور   روش پر جو تھا فرش اُسکے حضور
ادب سے وہان بیٹھیان دُور دُور

سہم دست بستہ یہ کی عرض آ   جو ارشاد ہو وے سو لا دین بجا   ہے اب یہ وقت کس راگ کا   ہوا حکم گورے کا جو بر ملا
لئے ساز اپنے سبھون نے اٹھا

غلاف ستار و طنبورہ تو کھینچ   ملا نا طبلون سے ڈالی جو کھینچ   گلے سے صدا مین نکالین سو کھینچ   دیا آسمان پر جو طبلون کو کھینچ
ہر اک تھا پے پردا لیا سب کا اینچ

عجب طرز اور آن سے بان سے   عجب آب سے اور عجب شان سے   تو کچھ گنگنا گنگنا دھیان سے   لگی گانے ٹپہ وہ اس آن سے
نکلنے لگی جان ہر تان سے

بجاتی تھی چٹکی عجب ناز سے   کہ دل چٹکیون مین اُڑے باز سے   ہر اک لہر اسنا لا کر اعجاز سے   عجب تان پڑتی تھی انداز سے
کہ بیکل ہر اک دل تھا آواز سے

لہراتی تھی اک جھڑی نور کی   بڑی ار کی تھی بڑی نور کی   دکھاتی تھی صورت بڑی حور کی   وہ تھی کنکری یا لڑی نور کی
مسلسل تھی اک پھلجھڑی نور کی

ہر اک طبع طالب کی مطلوب تھی   وہ جاذب تھی اور خلق مجذوب تھی   کہو نین کیونکر کہ کیا خوب تھی   گل و غنچہ کی طرح محبوب تھی
کھلی اور مندی دل کی مرغوب تھی

وہ گانا بجانا عجب خوشنما   گلے کی صفائی وہ صدا   وہ گلشن کا عالم طیور ہم نوا   غرض کیا کہون اوسکا مین ماجرا
عجب طرح کی بندھ گئی تھی ہوا

وہ صحبت کی گرمی کا عالم عیان   وہ گل کی مہک اور آب روان   وہ قمری و بلبل کی باہم فغان   وہ گانے کا عالم وہ حسنِ بتان
وہ گلشن کی خوبی وہ دن کا سمان

سمان اُس کے گانے کا ایسا بندھا   مزے کو ہی من سنکے آیا مزا   جو گانا انہون نے لئے تہ کا خاتمہ   گھڑی چار دن باقی اسوقت تھا
سہانا سماہر سمت سایہ پڑا

وہ دن تھوڑا تھوڑا سا ہونا الوپا وہ پتونکی سنہری وہ گل کا سراپا وہ سازندہ و ساز کا ڈھنگ و پ درختون کی وہ چھاؤن اور کچھ وہ دھوپ
وہ دہانون کی سنہری وہ سونکا روپ

کفِ لالہ مین پر وہ عشرتکا جام وہ غنچون مین تھا پختہ سودائے خام ہر اک برگ تھا سبز پوشی مین عام لپیٹے ہوئے پوشش سونا تمام
سنہرے روپہلے ورق صبح شام

وہ نرگس کا نقشہ سمن کی اُمنگ وہ البیلا بیلا جوئی رنگ رنگ وہ گل سرخ عارض حنا کی اُچنگ وہ لالے کا عالم ہزارے کا رنگ
وہ آنکھون کے ڈورے نشے کی ترنگ

وہ دن پھولنا چرخ پر سر بسر وہ زردی سی آجانی خورشید پر وہ دن تھوڑا تھوڑا گھٹنا اُدھر گلابی سا ہوجانا دیوار و در
درختون سے آنا شفق کا نظر

کرین شور ہر سمت طوطی چکور شجر پر عنادل منڈیرون پہ مور وہ نہرون کا بہنا درختون کی اور وہ چادر کا چھٹنا وہ پانی کا زور
ہر اک جانور کا درختون پہ شور

وہ خوشبو کی بو اور وہ ارغوان وہ نرگس وہ اور سوسنِ ذبان وہ رابیل اور موگرا نوجوان وہ سروِ سہی اور وہ آبِ روان
وہ مستی سے پانی کا بہنا وہان

وہ سازندہ ڈھولک کا لبِ واہ وا وہ چابک تھا اس مرتبہ ہاتھ کا بجاتا تھا جو تالا آڑا وہ کیا وہ آڑتی سی نوبت کی دہمی صدا
کہین دور سے کان مین پڑتی آ

نکیسا بھی سن سنکے خوش ہوتے آپ یہان باربد گانے والونکی اپ یہان وجد مین آتی چہرہ کی ناپ وہ رقصِ بتان اور وہ ستہری الاپ
وہ گوری کی تانین وہ طبلونکی تھاپ

وہ گھونگٹ مین مُنہ کو چھپا لینا ہات کبھی مُنہ دکھانے کی تبلائی گھات بتانا وہ آفت کا اک واردات وہ دل چھینا ہاتھ پر دھر کے بات
اُچھلنا وہ دامن کا ٹھوکر کے سات

پرستان والون کے آیا پسند پری رشک سے ہنستی تھی خند خند تحیر مین تھین بیٹھے وران چند نہ انسان ہی کا جو دل اُس مین بند
ہوئے محو سنکر چرند اور پرند

درختون کے پانون گڑے رہ گئے چڑھے جو کہ آئے چڑھے رہ گئے کھڑے تھے جو بیٹھے پڑے رہ گئے غرض جو کھڑے تھے کھڑے رہ گئے
اُڑے جب کہ تھے اُڑے رہ گئے

کوئی ایسی گھبچ بچ مین کیا ٹل سکے یہ حیرت نہ ہرگز ادھر سے ٹل سکے یہانتک کہ سایہ نہ خود ڈھل سکے جو پیچھے تھے آگے نہ وہ چل سکے
جو بیٹھے تھے بیٹھے نہ پھر ہل سکے

ہوا سرو قد سرو آکر کھڑا خرد ہوش سب فاختہ کا اُڑا لگی کہنے سوسن کہ واہ مرحبا لگی دیکھنے آنکھ نرگس اُٹھا
گلون نے دیئے کان اپنے لگا

بچھایا وہان ایک سبزے نے تخت کلی کیا کھلی کھل گئے اُسکے بخت اُڑے لالہ و گل کے یا لخت لخت لگے ہلنے آ جھولین سب درخت
کھڑے رہ گئے وہ ہو کر کرخت

یہ تھا عالم بےخودی سر بسر کسی کی کسیکو نہ تھی کچھ خبر یہانتک کہ اکثر بجائے ثمر درختون سے گرنے لگے جانور

نئی مثل آئینہ دیوار و دَر

کیا فاختہ نے بھی خاکی برن گلے میں کیا طوق سی الحزن تدروون نے مستانہ سیکھا چلن ہوئیں قمریان شوق سے نعرہ زن
بھرے اشک سے بلبلون نے چمن

رہے آنکھ سے اشک شبنم کے ڈہل سینہ حوض چشم پُر آب ایک پل بہے چشمون سے بحر آنسو نکل ہوئے نہر کے سنگ پانی پگہل
پڑے سارے فوارے آ سے اُچھل

ہرن سُنّے کو آ کھڑے ہون اگر دِ سَے جل اُٹھیں گا ہاں دیک اگر عزیزے مہنسین سنگ مین یکدگر عجب راگ کو بھی دیا ہے اثر
کہ پتھر کا ہو جائے پانی جگر

ہر انسان گویا ہوا بے زبان ہوئے چپ چہو لنے خمش طائران ہوا عالم حیرت آئینہ سان بندھا اسطرح کا جو اُسکا سمان
ہوا اسکے دل کا عجب حال زمان

عجب راگ تھا اور عجب ماجرا عجب رنگ کا تھا سمان بندھ رہا وہ محفل کہ حیرت ہوئی جمع آ ولیکن جو کچھ دل سمجھ کر گیا
تو بن آئی ہر اک وہان مرگیا

کہنا کشش محبت کی تھی گوشہ گیر تو چلا کے کھینچی پیا پے صفیر بلاؤن کا تو وہ بنا بے نظیر لگا تھا زبس عشق کا اوسکو تیر
لگی کھینچنے آہ بدر منیر

وہ لطف چمن راگ کا رنگ حال وہ خلقت کی حیرت سمان بے مثال ہوا ان بہارون سے جی کو ملال بندھا اُسکو عاشق کا اپنے خیال
لگی رونے آنکھون پہ دھر کر رومال

محبت سے ہوتی ہے دلکو جو لاگ نصیبہ بھی کہتا ہے لب پانسے بھاگ کف بحر الفت بھی کیا لائی جھاگ کہیں کا کہیں لے اُڑا اُسکو راگ
ہوا سے ہوئی اور دُونی وہ آگ

... وشت الفت کہا دلکی لاگ کہان باغ اور راگ اور وہ سہاگ کیا کوسون پہین بیابان الہی کو بھاگ کہین کا کہین لے اُڑا اُس کو رگ
ہوا سے ہوئی اور دُونی وہ آگ

... یا جدائی کو تھا مجھسے بیر مین جیتی رہون اپنی جان کے بغیر تفنگ آہ کی یک بیک کر کے فیر لگی کہنے ہے ہے مین دیکھون یہ سیر
نہو پاس میرے وہ یا دش بخیر

... پیر رد ہو جاے الفت سے بھاگ ہو عاشق پری پر کہان کھینچے آگ مزا عشق کا لائی جب جی پہ آگ دیے جاتی ہو دل کو کچھ جسکی لاگ
کہ معشوق بن ہے یہ گلزار آگ

... سوز الفت سے جو لال ہو تپ غم کی شدت سے پامال ہو محبت کا الجھا ہوا جال ہو بھلا کیونکہ دل اُسکا خوشحال ہو
کہ ہجران کا غم جس کے دنبال ہو

جو شغل محبت مین مشغول ہو اُڑے میرزائی تیری ڈھول ہو دل و سینہ مین ہوک ہو ہول ہو جگر مین اگر آہ کی سول ہو
لگے خار کیسا ہی گر پھول ہو

ہم غم سے کیا تمتماے ہین گال کہ لالہ بنے سرخ وقت زوال یہ باغ ایکدن ہوئیگا پائمال درختون کے عالم سے کیا ہو نہال
جسے یاد شمشاد کا ہو خیال

گیا جس کا سینہ ہو داغوں سے بہر   ترو تازہ ہون جس کے زخم جگر   جو اپنا ہی گلزار ہو دور تر   کرے گلشن و گلبہ کیا وہ نظر
جسے اپنے گل کی نہو وے خبر

جو اپنا ہی دل سینہ سے ہو جدا   جو اپنا ہی دل جی سے ہو وے خفا   تو کیا زندگانی کا ہے پہر مزا   یہ کہکر اوٹہی وہان سے وہ دلربا
چہپر کہٹ مین جا کر گری منہ چہپا

وہ اُٹھنا ہی اُسکا غرض سم ہوا   یہ دل خوش تہا جسکا خفا دم ہوا   وہ سب عیش اک صورتِ غم ہوا   خوشی کا جو عالم تہا ماتم ہوا
ورق کا ورق ہی وہ برہم ہوا

کہے تو کہ جلسہ یہان تہا کہین   نہ وہ سیر گلشن نہ وہ گل زمین   نہ وہ گانے والے نہ وہ سامعین   سب اُٹھتے ہی اُسکے جاتی رہین
طوائف کہین اور خواصین کہین

گہے جمع گاہے پریشان ہے   گہے دشت گہہ باغ و بستان ہے   حقیقی طلسمات کی شان ہے   میری عقل اسجا پہ حیران ہے
کہ یارب یہ کیسا گلستان ہے

یہ نیرنگ سازی کا ہے ماجرا   نیا رنگ ہر رنگ مین ہے سدا   یہان کام ہے دیدۂ غور کا   ہر اک وقت ہے اسکا عالم جدا
جو چاہو کہ پہر ہو تو امکان کیا

گہے گل کہلے ہین گہے خشک خار   گہے خندہ لب گہے چشم زار   اندہیرا گہے صبح گہہ آشکار   کبہی ہے خزان اور کبہی ہے بہار
نہین اک تہرے پہ لیل و نہار

وہ لا صورت خونِ دل ہو شراب   گزک کے لئے ہو جگر کے کباب   گنہ کا ہو گر دنیہ تیرے عذاب   پلا ساقی اک جام مجہکو شراب
کہ پردے مین شب کے گیا آفتاب

بلا اک جدائی کی آفت ہوئی   غضب لیل کی کیا طوالت ہوئی   طوالت مین یہ اور شامت ہوئی   شبِ ہجر کی پہر علامت ہوئی
غرض عاشقو پہر قیامت ہوئی

غمِ ہجرِ جانان جو آیا حضور   دل و سینہ یکسر ہوے چور چور   وہ تابوت تہا یا کہ تاریک گور   گری جب چہپر کہٹ مین وہ رشکِ حور
سبہون کو کہا تم رہو دور دور

بلا کر تصور مین تصویرِ یار   بہت بیقرار اور بہت بیقرار   شب تار حسرت بندہا تہا جو تار   اکیلی وہ روتی رہی زار زار
اُسی اپنے عالم مین بے اختیار

لباس اور بستر ہوا تر بتر   یہ دریا مین نالے اُسیکے مگر   صدف نے دیا آفتابی گوہر   گرے چشم سے اُسکے اتنے گہر
کہ دہویا اوسے آب سے منہ سحر

بہرے خون سے چشم نے اپنے جام   عقیق جگر مین فزدہ برخرام   سمجہتا ہون ہرچند اُسکو حرام   صبوحی تو دے ساقیِ لعل فام
یہ رو دہو کے مین رات کاٹی تمام

ہوئی صبح ہوتا ہے اب کیا وقوع   خدا جانے کیا فعل ہوگا رجوع   اثر کرتی ہے کیا دعا ے خضوع   ہوا آفتابِ الم جو طلوع
اُداسی کا ہونے لگا دن شروع

اسی رنج سے دل مین آئی اُمنگ   کہ غم نے کیا ہے بہت جی کو تنگ   مین دیکہون کہ کیسا ہے اب میرا رنگ   ذرا آئینہ لیکے دیکہا جو رنگ

تو جوں آئینہ رہ گئی آپ دنگ

وہ خود آئینہ اور دل بستہ بیقرار وہ دل سا جو تھا بنگیا شکل خار نظر پڑ گیا دفعتًا ایک بار بدن کو جو دیکھا تو زار و نزار
کسی کو کوئی جیسے دیوے فشار

یہ عالم بدن کا جو آیا نظر کہ ہر عضو تن بنگیا ہے نگر بڑھا رنج و غم تن گھٹا اسقدر فلک کی طرف دیکھ اور شکر کر
لگی دل کو سمجھانے ادہر اودہر

جو کمزور دیکھے بدن کی اساس خوشی دور دور اور غم پاس پاس خواصوں سے نہیں جو کھڑی چپ اداس زبان پر تو باتیں ولے دل اداس
پراگندہ حیرت سے ہوش و حواس

نہ رخ کی خبر لے نہ ذقن کی خبر نہ پا کی خبر لے نہ چلن کی خبر زبان کی خبر لے نہ دہن کی خبر نہ منہ کی خبر اور نہ تن کی خبر
نہ سر کی خبر لے نہ بدن کی خبر

غرض بیخودی کوئی دم کم نہیں بلا سے اگر بال پر خم نہیں غرض کیا دوپٹہ میں گر دم نہیں اگر سر کھلا ہے تو کچھ غم نہیں
جو گرتی ہے کہلی تو محرم نہیں

نہیں جاتی ہے بیخودی کچھ بہی جو لاکھے سے سرخی بہی تو بہی کسے سرمہ بننے کی پروا رہی جو مسی ہے دو دن کی تو ہے وہی
جو کنگہی نہیں کی تو یوں ہی سہی

زبس عاشقی میں وہ چالاک ہے بہت بیخودی اسی میں بیباک ہے کچھ اپنی خبر اسکو کیا خاک ہے جو سینہ کھلا ہے تو دل چاک ہے
غم آلودہ صبح طربناک ہے

محبت نے تزئین کی سب حرام ہر اک وقت اک بیخودی ہے مدام یہ ہے ظلمت ہجر کا انتظام نہ منظور سرمہ نہ کاجل سے کام
نظر میں وہی تیرہ بختی کی شام

غرض زیب سے کچھ نہ زینت کا چاؤ نہ مسی کا ہونٹوں پہ یہاں کچھ لگاؤ نہ ارمان دل میں کہ ہاں ہاں کہاؤ ولیکن یہ خوبوں کا دیکھا سبھاؤ
کہ بگڑے سے دونا ہو اُن کا بناؤ

بہلوں کی لگی ہے بری بہی بہلی ہے چاک گریبان سحر لوز کی رخ زرد ہے شکل خورشید کی نہیں حسن کی اسطرح بہی کمی
جو بگڑی ہے بیٹھی تو گویا بنی

عجب گرد چہرے کی ہے خوشنما کہ مہتاب پر ہے تنکا برسا خم زلف کی بہی لٹک ہے بلا غرض بے ادائی ہے یہاں کی ادا
بہلوں کو بہی کچھ لگے ہے بہلا

جو نکلے ہے پر درد نالیکی لے اثر ریز وہ بہی ہے اک طرفہ شے تسلی کی لہروں کو کرتی ہے طے جو ماتہے پہ چین جبین غصے سے ہے
تو ہے وہ بہی اک موج دریائے مے

جو اٹکے تہے لخت جگر ٹوٹ ٹوٹ وہ گویا تہے لعل یمن چہوٹ چہوٹ مچائی تہی پلکوں نے کیا لوٹ لوٹ وہ آنکہیں جو روئی تہیں بس پہوٹ پہوٹ
تو گویا کہ موتی بہرے کوٹ کوٹ

غم ہجر سے ہے یہ آشفتہ حال یہ حال ہے وہ بہی فرخندہ فال رخ زرد زرد ہو گیا لال لال تپ غم سے یوں تمتماہیں گال
کہ جوں رنگ لالہ ہو وقت زوال

جو کنٹھی ہے گرتی کی ہیلی ذرا　ہلال مہ عید ہے واہ وا　کلی ہے بٹی کرتی کی باغ سا　گریبان سینہ پہ ہے جو کھلا
تو گویا ہے وہ صبح عشرت فزا

جو رخسار پر غم کی کچھ گرد ہے　تو ہیلی سی اک شال بھی فرد ہے　چنبیلی ہو پژمردہ یا درد ہے　نقاہت سے چہرہ اگر زرد ہے
دیا آہ ہونٹوں پہ کچھ سرد ہے

خزاں میں بھی رنگ بہاری ہو گیا　کہ افسردگی میں بھی دل ہے ہرا　جو تکلیف میں ہے تکلف بلا　اداسی نہیں یہ بھی عالم جدا
کہ ہے چاندنی اور ٹھنڈی ہوا

اضطراب بدر منیر فراق بے نظیر میں اور تابش کوکب نجم النساء فکر ملاقات دلپذیر کی تدبیر میں

وہ ساغر جو ہے رشک بدر منیر　وہ مینا کہ مینائے گردوں ہے شیر　وہ مے آفتاب فلک کی خمیر　پلا ساقیا ساغر بے نظیر
پھنسی دام ہجران میں بدر منیر

جبین مہر گردوں سحر یکسر بہم　زیادہ ہے رخ بدر کامل ہر کم　یہ صورت یہ نقشہ شباب و الم　یہ حسن و جوانی اور اسپر یہ غم
ستم ہے ستم ہے ستم ہے ستم

محبت میں ذلت مرنا اسے　وہ بن بن بگڑ کر سنورنا اسے　غرض اپنے جی سے گذرنا اسے　جہاں بیٹھنا آہ کرنا اوسے
بہانا نزاکت پہ دھرنا اسے

گہے جان کو اپنی کھو ڈالنا　گہ آنکھوں کو خون میں ڈبو ڈالنا　گہ اشکوں کے موتی پرو ڈالنا　گہے خون آنکھوں سے رو ڈالنا
کسی کو کبھی دیکھ دھو ڈالنا

غم دل کسی کو سنانا اسے　بتانا کسی کو بہانا اوسے　طبیبوں کو ناداں بنانا اسے　خواصوں کو بالا بتانا اسے
اکیلی درختوں میں جانا اسے

وہ کیسے شجر شکل مردم گیاہ　قد یار کی وضع پیں واہ واہ　ہزاروں تھیں یوں باغ دنیا میں آہ　ولے ان درختوں میں جنمیں وہ ماہ
سر شام چھپ چھپ کے کرتا نگاہ

سر شام سے تا سحر لاکلام　سحر سے سہ پہری تلک غم سے کام　اسیطرح پکتا تھا سودائے خام　اسی ڈھب سے پہر دن سے کر مدام
اسی چھاؤں میں بیٹھ کرتی تھی شام

پس شام شب بھر تڑپتا ادھر　بھڑک کر ہلک کر وہ کرتی سحر　سحر سے سہ پہری تلک بے خبر　گیا اسطرح جب مہینا گذر
کہ وہ ماہ مطلق نہ آیا نظر

اور اس کا یہ ماں جی اچٹنے لگا　اور اسکا بلا روز کٹنے لگا　اور اسکا کلیجہ سا پھٹنے لگا　اور اسکا ادھر رنگ کٹنے لگا
جگر خون ہو مژگاں پہ بٹنے لگا

فراق غم درد نایاب میں　تڑپتی تھی یہ بزم اصحاب میں　غم و درد تھے اسکے احباب میں　لگی رہنے تپ جان بیتاب میں
لگا فرق آنے خور و خواب میں

نظر شک ہونی ڈوبنے لگا ہر اک دیدہ طوفان رونے لگا
شہری عمر صحرا میں کھونے لگا محبت کا سودا سا ہونے لگا
جنون تخم وحشت کا بونے لگا

دکھایا یہ آخر کو الفت نے ڈھنگ کہ ہانا سہم پینی ہوا تنگ
رخ شرم سے اڑگیا صاف رنگ سپر کرنے لگا پاس ناموس ننگ
لگی عقل اور عشق میں ہونے جنگ

لگی کرنے بینائی آنکھوں کو کور سخن کی زبان ہوگئی کام چور
ہوا جسم بے حس تھکی پور پور خموشی اٹھانے لگی دل میں شور
جتانے لگی ناتوانی بھی زور

وہ چہرہ جو تھا رشک بدر منیر سراپا تھا جس جسم کا بے نظیر
ہمہ تن بدن ہو گیا ہے حقیر یہ احوال دیکھ اسکا دخت وزیر
لگی جل کے کہنے کہ بدر منیر

سمجھ تجھسے لقمان سیکھے وقوف فلاطون بھی آئے تو وہ بے وقوف
وقوف آکے خود پائے تجھسے وقوف تو وہ ہی کہ سب کے تئیں دے وقوف
کہ ہر جی گیا تیرا اسے بے وقوف

عبث اس سے ڈالی تھی الفت کی ریت تما محبت میں کی ہار جیت
تو اب بیٹھی پی کر جو گاتی ہو گیت مسافر سے کوئی بھی کرتا ہے پیت
مثل ہے کہ جوگی ہوئے کس کے میت

جو آئے ہنسے بولے بیٹھے ذرا لیا ہوش سیج پا تجھ سے دل لگا
جو قابو چلا اپنا مطلب کیا ارے چار دن کے یہ ہیں آشنا
ملا دل کو آخر کرینگے جدا

بھلا مرد وے سے تمہارا دل لگا خوشی کر عبث غم میں ہو دی پنا
سمجھ لے ہوا مان کہنا مرا ارے چار دن کے یہ ہیں آشنا
ملا دل کو آخر کرینگے جدا

کہاں منہ سے ہاں اور کہاں تک ہیں یہ نہ یہاں کے ہیں نے یہاں کے ہیں یہ
ٹھکانا ہے یہ کیا یہیں کے ہیں یہ گئے آسمان گہ زمین کے ہیں یہ
جہاں بیٹھے جا بس وہیں کے ہیں یہ

عبث تو نے الفت کا کھیلا جوا نہ پوبارہ دیکھے یہ سمجھی دوا
سمجھ کر چل اب چال اور اک سوا تو بھولی ہے کس بات پر ایسے بوا
خبر لے دوانی تجھے کیا ہوا

جو الفت کا کوئی کہیں دم بھرے تو ہر دم رہے اوسکے ویسے ورے
یہ کیا یہ ورے اور وہ کوسوں پرے سنو جانی اپنے پہ کوئی مرے
تو دل پہلے اپنا بھی صدقے کرے

جو تم اسکی اور وہ تمہارا نہو برا یہ چلن ہے کچھ اچھا نہو
محبت بھی کچھ اوسکو ہو یا نہو اگر آپ پر کوئی شیدا نہو
تو پھر چاہیئے اوس کی پروا نہو

محبت نے اوس کی ستم یہ کئے کہ بھر بھر کے جام الم تو پئے
اسے تیری کیا تو مرے یا جئے وہ خوش ہوگا اپنی پری کو لئے
عبث اوس پہ بیٹھے ہو تم جی دیئے

سمجھ ہے تمہاری بتاؤ کدھر نہ لی اوس نے ابتک کبھی کی خبر
نہیں وہ اڑاتا تو ہوگا مگر تمہاری اسے چاہ ہوتی اگر
تو ابتک نہ آتا وہ تمکو نظر

کیا ہے عبث تجھنے تن کو حقیر ہمنشیں ہا ہیں تمہیں سب خیر و کبیر
یہ باتیں ہوئیں جب تو کچھ دلپذیر لگی کہنے تب اسکو بدر منیر

کہ سنتی ہے اے میری دختِ وزیر

ترا ہے شباب اور نہیں شیب ہے ۔ ترے منہ میں کچھ جیب کیا جیب ہے ۔ یہ غیبت گنہ بے شک و ریب ہے ۔ کسی کی بدی تو نکر عیب ہے
کہ اسکا خدا عالم الغیب ہے

ذرا ہوش میں آکے سن میری بات ۔ یہ باتیں مری عقل کے ہیں نکات ۔ سلامت رکھے اسکی مولا حیات ۔ وہ اپنے دلوں سے تو ہو یکذات
ہوئی او سپہ کیا جانے کیا واردات

ادہر کو جو تشریف لایا نہ وہ ۔ مجھے اپنا جلوہ دکھایا نہ وہ ۔ سبب کچھ نکچھ پیش آیا نہ وہ ۔ ہوا قید یا آنے پایا نہ وہ
گئے اتنے دن اب تک آیا نہ وہ

کہے بات عاقل سمجھ سوچ کر ۔ تری عقل بخسم النساء ہے اگر ۔ میں غلطاں ہوں اس فکر پیچ پر ۔ کچھہ اتنا اس کا ہے ڈر
پری لے نہ سنی ہو نہ یہاں کی خبر

پڑی ہو نہ بحث عمرو اور زید میں ۔ رکھا ہو نہ شاید کسی کید میں ۔ ہوا ان بتوں کا کہیں صید میں ۔ نہ باندھا ہو اسکو کسی شید میں
کیا ہو نہ اُس کو کہیں قید میں

بھری ہو کدورت دل صاف میں ۔ نہ فرق آ گیا ہو ئے الطاف میں ۔ غضب بحث میں لام و رکاف میں ۔ پری نے کہیں طیش کہا ان میں
دیا ہو نہ پہینک اُسکو کوہ قاف میں

بُری آنکھ سے دیکھا بالا نہو ۔ اُس اچہرے کو آگے ٹالا نہو ۔ کہیں وہ بلا کا نوالا نہو ۔ پرستان سے بھی نکالا نہو
کسی دیو کے منہ میں ڈالا نہو

یہ کہہ ایسی روئی کہ دریا بہے ۔ لگے آہ کھینچی ہوئی چپ گئے ۔ بندہی ہچکیاں جاتی ہی وہ کہے ۔ نہ ملنے کے دکھ اسکے سب میں سہے
بھلا اپنے جیسے تو جیتا رہے

لگی اسقدر درد و غم کی چپیٹ ۔ کلیجہ کو تھام اور پکڑا اپنا پیٹ ۔ وہ پڑا و کھٹا او دامن لپیٹ ۔ گئی منڈ کری مار آخر کو لیٹ
چھپر کھٹ کے کونے میں سو پہنچی

دنیا خواب ہے خواب میں خیالی خواب دیکھنا بادلی بدر منیر کا بے نظیر کی چاہ میں نالے لے جو فرصت ندی تو مانند حباب دریائے اشک میں پہ کر شکل ماہی بے آب مشغول ہو ہی آہ آہ میں اور بے نظیر مضمون کا چاہ طبع میں مقید رہنا اور خامہ دوربین کا جوگن بنکر ادا سا کرنا واسطے تلاش مضامین بے نظیر کی سیاحی پر دل دہرنا اور قریب مقصد سے حیرت منتشر کرنا

خموشی کے پردے میں ظاہر غزل ۔ جو پوشیدہ ہو راز سب جا کھلا ۔ مثالی ہو یا مدعا شہر تل ۔ پلا ساقیا جام جم سے وہ مل
کہ غائب کا احوال حاضر ہو کل

سکندر کا آئینہ کہا جاے جل ۔ جو ہیں غیبی ہوں وہ جائیں کہل ۔ ہو الہام شیشے کی آواز قل ۔ پلا ساقیا جام جم سے وہ مل

کہ غائب کا احوال حاضر ہو کل

ہر اک جرعہ دکھلائے شکل نہال معانی سے صورت روان کی غزل خرابی کا اکدن خراب ہو گا حال کسی سے تو آ کام فرخندہ فال

کہ آخر یہ دنیا ہے خواب و خیال

ہے اس جام کا تجھسے میرا سوال جو مستقبل کا کھلے دل پہ حال تغافل نکر یہ کدھر کو خیال کسی سے تو آ کام فرخندہ فال

کہ آخر یہ دنیا ہے خواب خیال

ہوئی غم دل کے احوال مین گھر آنسوؤن کے ملے لعل مین عقیق یمن اشک دنبال مین ذرا آنکھ جھپکی جو اس حال مین

تو دیکھا پھنسا اوس کو جنجال مین

گئی سمیر کو روح پر اضطراب کہ تا حال سے اسکے ہو بار یاب یکایک نظر آگیا کیا حساب قضا نے دکھایا عجب اسکو خواب

کہ دشمن نہ دیکھے یہ حال خراب

گیا ہے کہان اسکو لیکر قلق جہان عالم ہو کا لطم لق و دق یہ بیتاب مضطر جگر سینہ شق جو دیکھے تو صحرا ہے اک لق و دق

کہ رستم جسے دیکھ ہو جائے فق

نہ گل ہے نہ نخل گلستان ہے نہ سایہ نہ جن ہے نہ شیطان ہے نہ دانا نہ غول بیابان ہے نہ انسان ہے وہان نہ حیوان ہے

فقط اک کفرستِ میدان ہے

وہ میدان ہے یا سایہ گیسون نہ آئے نظر وہان بدن کاروان ابھی گی کران قافلہ نوجوان گر ہیچ میان دیکھے ہر اک گمان

کہ اٹھتا ہے آہونکا دانہ دھوان

وہان تک پہنچاہی منزل کڑی کہ ہے سنگِ رہ اس کو مشکل بڑی یہین ورد کیا دیکھتی ہے پڑی کنوئین کا ہے منہ بند اوس پر پڑی

گئی لاکھ من کی ہے اک سل پڑی

لگا شوق کی کان کو وہ حقیر لگی سننے اس نیم جان کی صفیر یہ آواز اوسے سمجھ ہوئی گوش گیر صدا وہان سے آتی ہے یہ منیر

تیری چاہِ غم مین ہوا ہون اسیر

مری جان اب تو کہان مین کہان تو وہان مضطرب اور مین بیتاب یہان کہان تیرا پایا اور کجا یہ گمان مین بہولا نہین تجکو اے میری جان

کرون کیا کہ ہے مجھپہ قید گران

گران قید مین گو پھنسی جان ہے ہر اک وقت آفت کا سامان ہے تری شکل آنکھون مین ہر آن ہے پر اس قید مین بھی ترا دھیان ہے

فقط تیرے ملنے کا ارمان ہے

تو مہمان دم بھر بلاے مجھے تو پاس اپنے دمبھر بٹھائے مجھے تو جام توصل پلائے مجھے تو اپنی جو صورت دکھلائے مجھے

اور اس قید غم سے چھڑائے مجھے

تمنا ہے مین تیرے گھر مین رہون شرابِ توصل کا ہر دم پیون یہ ہے آرزو اور اب کیا کہون تجھے کاش اس وقت مین دیکھ لون

جیون مین اگر تیرے آگے مرون

مجھے زندگی دم بدم ہے محال کہان تو کہان مین یہ آشفتہ حال وہ ہے ہوا اور پھر وہی حال و قال ولیکن یہ ہے خام میرا خیال

نہین وصل ممکن بغیر از وصال

گیا سر سے پا تک ہیں یکسر بدل　مری زندگی میں پڑا ہے خلل　طرح اشک کی جاؤنگا پل میں ڈھل　کوئی دم کا مہمان ہوں آجکل
اسی چاہ میں جائیگا دم نکل

محبت میں تیری ہوا ہوں اسیر　گھلا جسم بالکل پڑا ہوں حقیر　وہ جب کہہ چکا سب قلیل و کثیر　یہ سن واردات شہ بے نظیر
جو چاہے کرے بات بدر منیر

نہ وہ شکل پھر وہی دکھائی اُسے　جو تھی دل میں لب پہ تو لائی اُسے　کہاں اپنی جی کی بتائی اُسے　یہ ہرگز میسر نہ آئی ادست
قضا نے نہ اوسکی سنائی اُسے

کیا خواب میں دیکھکر شور و غل　تڑپنے لگی خاک پتی میں رُل　اسی اضطرابی میں کھا بیٹھی جل　یکایک گئی آنکھ اتنے میں کھل
بھرے اشک رخسار پر آ کے ڈھل

جو جاگی تو یاد آیا انداز وہ　وہ انداز اور اُسکا اعزاز وہ　اُس احوال سے آئی جب باز وہ　نہ وہ چاہ دیکھا نہ ہمراز وہ
پڑی کان میں پھر نہ آواز وہ

وہ کیا کہتی احوال احباب سے　زیادہ تھی بیتاب سیماب سے　زلیخا کی مانند آداب سے　صدا اپنے یوسف کی سن خواب سے
اُٹھی باولی جان بیتاب سے

پریشان ہوئی پڑھ کے منہ شاہ بید　تھے آہوں کے تیروں سے سینہ میں چھید　اُٹھایا یہ جو کچھ محبت میں کھید　کہا یہ کسی سے نہ اُسنے یہ بھید
ولے جوں مہ صبح چہرہ سفید

لیا دل ہی دل بسکہ عشق و رنج　ہوئی مضطرب وہ لب نالہ سنج　جو رخسار گل تھے بنے وہ ترنج　ڈھلے منہ پہ آنسو ہوا بسکہ رنج
چھٹے چاندنی میں ستاروں کے گنج

وہ غم کے منہ پر پڑی بسکہ گرد　وہ گرمی کا عالم ہوا سرد سرد　چنبیلی وہ رخسار تھی جو ورد　وہ جوتا تھا چہرہ ہوا زرد زرد
سراپا ہوا شکل بادہ وہ قرد

بلا سے محبت میں گھٹنے لگی　تپش سے دل و جان لٹنے لگی　جگر میں کبھی آگ ہو کے اٹھنے لگی　زمیں آہ پنہاں سے پھٹنے لگی
تو منہ پر ہوائی سی چھٹنے لگی

وہ ابرو جو تھی ایک خونریز سی　وہ بڑی ظلم انگیز سی　نگہ بر ملا تھی جو خنجر تیز سی　مژہ وہ نکیلی جو تھی تیز سی
ہوئی اشک خونی سے گلریز سی

جو تھے رشک گلزار اُسکے عذار　خزاں نے کیا اُن کو مانند خار　سنہری تھیں نرگس کی آنکھیں جو چار　وہ بوٹا سا قد تھا جو شکل انار
نکلنے لگے اُس سے شعلے ہزار

ہوئیں گردشی میں رُل صورتیں　ہوئیں خاک پانی میں گھل صورتیں　جو تھیں اپنے نالے میں گل صورتیں　جلیں اوسکی آہوں سے کل صورتیں
ہوئیں سب وہ مٹی کی جوں مورتیں

غرض شعلہ ہیں عشق و حسن مبین　جلاتا ہے دل شعلہ آتشیں　جو کہ چھپانے سے چھپتی نہیں　چھپایا بہت اُسنے پر ہمنشیں
چھپانے سے آتش چھپی ہے کہیں

بہت ناز میں ناز سے پالتے تھیں　با اکرام و تشریف و اعزاز تھیں　بڑی دل لگی میں جو پل بار تھیں　خواصیں کئی وہ جو ہمراز تھیں

بڑی خدمتوں میں سرافراز تھیں

مخاطب ہوئی اُن سے وہ بیتاب　کہا خواب میں دیکھا حالِ خراب　وہ تھی اپنی حالت میں پُر اضطراب　کہا اُس نے رو رو کے احوالِ خواب
رولایا انھیں پڑھ کے غم کی کتاب

کتابِ غمِ خواب تھی پُر ملال　ہر اک فقرہ اندوہ و غم کا مآل　جب افسانہ ہوا حال پُر اختلال　سُنا پھر تو نجم النسا نے یہ حال
ہوئی بیقراری تب اُسکو کمال

کہا اُس سے ہرگز نہ خاموش رہ　سُنایا کہ تو خود ہے دُرِّ بے بہا　نہ وہ دل لگی ہے نہ وہ چہچہا　لگی کہنے تب آپ آنسو بہا
ترے واسطے میں نے اب دکھ سہا

بس اب بہرِ خدمت سنبھلتی ہوں میں　بس اب شکل سایہ کے ڈھلتی ہوں میں　بس اب روپ اپنا بدلتی ہوں میں　بس اب ہجر میں جان نکلتی ہوں میں
اُسے ڈھونڈھ لانے کو چلتی ہوں میں

جو شامل خدا کا ہے فضل و کرم　تو مقصد کو جلدی پہنچتی ہوں ہم　اگر زندگی ہے خدا کی قسم　جو باقی رہا کچھ مرے دم میں دم
تو پھر آکے یہ دیکھتی ہوں قدم

جو ہر بات در پیش شاید کوئی　ملی مجھسے زیر و زبر کی دوئی　اگر جیتی آئی تو بہتر اجی　وگر مر گئی تو بلا سے تری
تو یہ جانو مجھ پہ مصیبت ہوئی

غرض شاہزادی بہت تھی خلیق　خلیق و رحیم و رفیق و شفیق　ہے دریا جو تیرنے کو ہے عمیق　کہا شاہزادی نے سن اے رفیق
ہوئی میں تو اس چاہِ غم میں غریق

جو میری خاطر پریشان تو　سفر کے لئے کر دیکھ سامان تو　ارے سن تو میرا کہا مان تو　بھلی چنگی اپنی نہ کھو جان تو
کہ ہے وہ پری اور انسان تو

کدھر جائیگی اے مری مہربان　کہاں وہ پرستان اور تو کہاں　کدھر ہے پری کچھ پتا کچھ نشان　رسائی تری کیونکہ ہوگی وہاں
مجھے بھی ندامت ہے تجھ سے بیان

ڈبوتا ہے ہر دم مجھے غم کا شط　ہے مواج تا دم ستم کی نمط　شتابی ہے تو تیر کی کی نمط　میں جلتی ہوں اس آہ سے ہی فقط
کہ ہوتا ہے تجھسے مرا غم غلط

ادھر جا سے تو میں کدھر جاؤنگی　میں کر دوں الم سر پہ دھر جاؤنگی　میں طے زندگانی کو کر جاؤنگی　وگرنہ میں رک رک کے مر جاؤنگی
اسی طرح جی سے گذر جاؤنگی

گیا وہ تو پہلے سے اب تو نہ جا　گئی تو تو میری گیا دل گیا　سمجھتی نہیں تو تو نجم النسا　کہا اوس نے کیا کیجئے پھر بھلا
پڑی ابتو پیچھے ہی سر پہ بلا

نہ تو دل لگی ہے اول قول　ہے جب رابطہ کیسا پھر فعل و قول　کہاں آگرہ اور کجا نار نول　میں اس عشق کا یہ سمجھتی تھی ڈول
ترے غم سے آنے لگا مجھکو ہول

تجھے کب وہ دلدار پیارا نہیں　جدائی کا دم بھر سہارا نہیں　دل آئینہ ہے سنگِ خارا نہیں　تجھے دیکھتا یوں گوارا نہیں
اس اندوہ کا مجکو یارا نہیں

یہ کہہ اور رونے لگی زار زار یہ کہہ اور چلائی وہ ڈاڑھ مار یہ کہہ اُس نے دریا بہائے ہزار یہ کہہ اوس نے رو رو اُتار اسنگار
کیا اپنی پشواز کو تار تار

دوپٹہ کو پرزے کیا سربسر وہ دامن کے لتّے اڑائے اُدھر کیا چولی کا پارہ پارہ جگر گریبان کو مثل گل چاک کر
دیا خاک پر پھینک ادھر اُدھر

اُداسی سے جب حال ہوا کچھ یہ اِس تو سمجھی وہ کچھ جی مین کرکے قیاس بلایا خرد ہوش دونو کو پاس پھر آئے جو کچھ اُس کو ہوش و حواس
سجا تن پہ جوگن کا اُس نے لباس

تملق کی باتون سے دل اُکتالیس کہ شیشہ ہے نازک نہ لگ جائے ٹھیس یہی جی مین تھا تاکہ بس چھوڑ دیس پہن سیلی اور گیروا اوڑھ کھیس
چلی بن کے صحرا کو جوگن کا بھیس

کیا جوگ کا جمع سامان مگر طلب کر سمندر سے کتنے گہر وہ آتشکدے مین دہری یکدگر کئی سیر موتی جلا راکھ کر
بھبوت اپنے تن پر ملا سربسر

وہ آیا ہوا تھا بنا قاف کا ہر اک تار تھا اُدمین انصاف کا تو لایا سلا کر جو نداف کا پہن ایک لہنگا زری باف کا
وہ پردا سا کر اُس تن صاف کا

کچھ اک اُس شکم کی چھاتی کو باندھ ذرا سا سر بے ثباتی کو باندھ بہر حال اعضائے ذاتی کو باندھ زری کے دوپٹہ سے چھاتی کو باندھ
بدن کو چھپا اور گاتی کو باندھ

لگی شان اوسکی بھی شان مین نکلنے لگی آن ہر آن مین جواہر ہیرے کا تھا اُسکان مین زمرد کے مندرے لگا کان مین
کہ جون سبزہ گل گلستان مین

بنا لیے بازو کے لعلون کے تئین بنا حلقے ہیرے کے بالون کے تئین غرض جمع کر سب خیالون کے تئین گلے ڈال موتی کے مالون کے تئین
پریشان کر اپنے بالون کے تئین

ستارے سے سلمہ کو بلوا لیا فلک سے کرن آفتابی منگا کیا جمع سامان منقش کا زری کا بنا حلقہ سر پر رکھا
کیا سنبلستان کو جگمگا

کبھی زلفین کاکل سے بس جوڑ دین کبھی جوڑ دین اور کبھی توڑ دین بہم غم مین دو ناگنین بوڑ دین لٹین دیکھکے بلا دوش پر چھوڑ دین
دو ناگین سی شبدیز کی موڑ دین

بلانے کو ساقی لئے کر کے جلال صراحی سے ساغر مین کہا نکال نظر آگئی جگجو پری مثال مے غم سے آنکھون کو کر لال لال
رکھا چشم مین خون دل کو نکال

کئے جمع یاقوت آنکھون سے ڈھال بس اک مالا کے مال سے نالال گلے مین وہ ڈالی سن اوپر جال زمرد کی ثمرن کو ہاتھون مین ڈال
اور اک بین کاندھے پہ اپنے سنبھال

جو جوگن بنے کا ارادہ نخست شکستہ دلی سے کیا سب رست زیارت سے کر کے بہت شو و شست جو منکے تھے منکے انھین کر درست

پہن اپنے موقع سے چالاک و چست

کرانڈون سے آراستہ سر تا بدن
ملی اکہہ دے منہ پہ تا بتن
تو رخصت ہوی کر اپنے سب گہر سے تن
چلی بن کے جوگن وہ باہر تنتن
دکھاتی ہوئی چال ہر ہر تنتین

جبین پر ہو چین دلمین ہو گر ملال
جو چین ہو غم تو ہو چہرہ پہ ڈال
جو باطن غمی ہو تو ظاہر کلال
تپ سوز دل کا عیان منہ ہو چال
اڑاتی چلی اپنی آہون سے رال

سکندر کی بہی روح حیران ہو جہان
عجب شعشعہ کی ہو صورت عیان
کہان وہ صفائی کی یہ خوبیان
اُس آئینہ رو کا کرون کیا بیان
صفا اُسکہ سے اور جمکی دہان

غبار سے کہ بورا دے روشن نشان
چو مہتاب یکچند حیران بماند
بو صفش فلک تیر اختر فشاند
کرے حسن کو کسطرح کوئی ماند
چھپے ہے کہین خاک ڈالے سے چاند

چڑہے گو کہ الفت کی ہے بن پیچ
تو پردے پہ لے اختفا سب لئے
زبس اپنی پوشیدگی کیلئے
چھپانیکے سانگ اُس نے جو جو کیئے
غرض حسن نے اور جلوے دئے

یہ بجلی وہ مہتاب ہے شب پتنگ
وہ خورشید اور یہ کرن کی جہلک
تجلی گئی عارض حور تک
وہ موتی کی سیلی وہ تن کی دمک
شب تیرہ مین کہکشان فلک

سراسر بدن پر بہبوت اب ملے
وہ گاتی وہ انگا بدن پر دہرے
اور آرائش تکیے پہ پکے پرے
زری کا وہ حلقہ سر اوپر دہرے
کہ شب مین کوئی جون بہنچی کرے

وہ حسن اور انداز جوگن بنا
وہ سیلی وہ ماتہے پہ قشقہ کہنچا
یہ سامان جب سب مہیا ہوا
زمانے کو بہائی جو اوسکی ادا
تو اس رات پر دنکو صدقے کیا

پہر اسمین جو چہرہ پہ اُٹہے آگ تب تاب
لگن سے بچارتی وہ پڑہتی کتاب
کتاب اوسکی دے خدا اسکو جواب
کرے جو کہ تقویم دل سے حساب
سکے سینہ مین گیا آفتاب

بلا کالی بدلی گہری آن کر
چمک برق کی طرح ہے اگر
وہ انداز یکا سیہ مو پہ
یہ برق اور یہ ابر سیہ ہے اگر
تو دامان عشاق ہو وینگے تر

سیہ و سپہ ابروئے شوخ و شنگ
سفیدی وہ دندان کی ہیرے ہون تنگ
اداہٹ وہ مسی کی قاتل اہنگ
گلابی ہے وہ نرگسی شوخ رنگ
بہرا جبین لالا کے لالے کا رنگ

سوا اُسکے توصیف او راب سلون
وہ سامان تیار سب جو نکا تون
بیان کر گیا یونسے یون ونسے دلنا
وہ قشقہ کہنچا سرخ ماتہے پہ بیدلن
پڑے نور پر لعل کا عکس جون

جبین اور وہ قشقہ جو ہو روبرو
شفق اور مہ کو رکہو ایک سو
یہ کہتا نہین ہون کہ مین او رتو
ادا اوسکی دیکھے جو عاشق کبہو
تو رو یا کرے آنکہہ سے وہ لہو

کرون اوسکی تعریف جو مین بجا
یہ ہر تار رودار سن واہ وا
بہت دور مینی جو کی بیتے آ
یہ بین اوسکے کندہے پہ ہی خوشنما
چلے جون کوئی مست شیشہ اُٹہا

فقط کچھ نہ صورت مین مہنگی تہی وہ　حقیقت مین سیرت مین مہنگی تہی وہ　یہ سچ ہے کہ قیمت مین مہنگی تہی وہ　دیار محبت مین مہنگی تہی وہ
نہ تہی بین عشرت کی بہنگی تہی وہ

طنبورے ہون بین کے سنگ کے　وہ بین غیر قانون منہ چنگ کے　یہ بین قمقمے ہون نہ ہنگ کے　نہی بین تہے قمقمے رنگ کے
دیا تہی سبو بجرا آہنگ کے

ان آرائشون سے وہ جوگن پہلی　کلی گل کی پشواز کی ہر گلی　چلی کہتی ہر ہر خفی و جلی　سو وہ بین کاندھے پہ رکھ یون چلی
کہ لاوے کوئی جیسے گنگا جلی

بڑی بین کار اور نہایت عقیل　بڑی ہوشمند اور اہل دلیل　ہر اک لہر تہی بجر نے قال و قیل　ہر اک تار تہا بین کا رود نیل
وہ تہی ہند کی راگ کی سلسبیل

لیا کسکی الفت مین اسنے یہ جوگ　لگائیگا کون ایسی جوگن سے بجوگ　یہ ہنڈی خدا جانے ہے کسکے جوگ　نہ عاشق ہوئی اوسکے عالم یہ لوگ
دنوا نہ ہوا جوگ دیکھ اوسکا جوگ

نئے رنگ سے اور نئے ڈہنگ سے　نئے ڈہنگ سے طرز آہنگ سے　اُسے دیکھ عاشق ہوئے دنگ سے　بنی جبکہ جوگن وہ اس نگ سے
لگے پہوڑنے دوست سر سنگ سے

رہی مل کوئی اُس سے کونے لگی　کوئی غم مین جیکو ڈبونے لگی　کوئی سوتی رو رو پرونے لگی　یہ رخصت جو اسطرح ہونے لگی
تو وہ صاحب خانہ رونے لگی

کوئی یون ملے اور کوئی وون ملے　کوئی گل ملے کوئی برسون ملے　گلے غیر سے بس کوئی کیون ملے　وہ رو رو کے دو ابر غم یون ملے
کہ جسطرح ساون سے بہادون ملے

ہوئین اسقدر ملکے وہ اشکبار　خجل ہو گیا دیکھ ابر بہار　یہ روئین کہ بہنے لگے سب بجار　یہانتک بندہا اُن کے رونیکا تار
بہے پہوٹ دیوار و در ایکبار

جدائی کی تہی کسکے دل کو سہار　بہرے اشک سے سب نے جیب و کنار　پہر آخر کو ناچار ہوا ایکبار　نہ دیکہا کسی نے جو کچھ اختیار
کہا حق کو سونپا تجہے لے سدہار

کہین آئینہ پر ہے پانی پڑا　دیا اُسنے ٹیکا دہی کا لگا　کوئی بولی چلا کے سن اے اُبوا　چلی جسطرح بیٹہہ اپنی دکہا
اسیطرح دکہلا ہمین منہ پہر آ

وہ بولی کہ تکلیف اُٹہاتی ہو نہین　ہوا شہر جنگل کی کہاتی ہو نہین　مین مرتی ہون یا جیتی آتی ہو نہین　کہا اُسنے خیر اب تو جاتی ہو نہین
جو ملتا ہے تو اوسکو لاتی ہو نہین

مرا حال اسطرح دیکہا سُنا　یہ کانون نے جو کچھ سنایا سنا　مین سب کچھ سنا کیا کہا کیا سُنا　تمہین بہی خدا کو مین سونپا سُنا
مرا بخشیو تم کہا اور سُنا

ہوئی وقت رخصت کے باتونکی توڑ　یہ باتون کی توڑا اور باتونکی جوڑ　غرض آبلے دل کے آپسمین پہوڑ　جدا ہو کے القصہ رو تونکو چہوڑ
چلی اپنے گہر بار سے مُنہ کو موڑ

خبر اب نہ کچھ جان بیکل کی لی　نہ کچھ آج کی اور نہ کچھ کل کی لی　یہ مل بل پہ تہا جو کہ لی بل کی لی　نہ سدہ بدہ کی لی اور نہ جنگل کی لی

نکل شہر سے راہ جنگل کی لی

کچھہ اک لب پہ آہین کچھہ اک لبین پہ درد   کچھہ اک جبین گرمی کچھہ اک جان سرد   وہ آنکھین تو سرخ اور منہ زرد زرد   لئے بین پہرتی تہی صحرا نورد
تنِ چاک چاک اور رُخ گرد گرد

خضر جائین مل جن سے رستا ملے   ہے جویندہ یابندہ اچھا ملے   کہ شاید ولی کوئی پورا ملے   کہ شاید کوئی شخص ایسا ملے
کہ جس سے وہ شیدا کا شیدا ملے

جبین اُسکی اک موج دریا کہین   گر موج دریا ہے مانی تہی جبین   ہو شہرِ ختن یا خطا کی زمین   جہان بیٹھ کر وہ بجاتی تہی بین
تو سُننے کو آتے تہے آہوے چین

اگر ہاتھ سے اُسکے لہرا بجا   تو اک سانپ سا دل پہ لہرا گیا   سنبھل کر کسی دشت مین ایکجا   بجاتی وہ جوگن جہان جوگیا
وہان بیٹھتی خلق دہونی رما

چرند اپنے دل سے لگاتے تہی گوش   پرند آتے تہے بولتے پوش پوش   نہ انسان ہی کے فقط اُڑتے ہوش   اُسے سُنکے آتا تہا صحرا کو جوش
صدا سے درختون کو آتا خروش

وہ ہر ہر جو کرتی تہی دل ہی پکار   تو سُن سُنکے دل ہوتے تہے بیقرار   جو ہنستی پڑے پہول جہڑتے تہے بار   گل نغمہ جو اُس سے گرتے ہزار
تو لیتا وہین دشت دامن پسار

جو بیٹھے بچھا مرگ چھالا کا تخت   تو بولی یہ آیا کہان مجکو بخت   بجاتی جہان بین جی کر کرخت   کہین حلقہ حلقہ کہین تخت تخت
کہڑی ہو گئے گرد اوسکے سُنتے درخت

وہ خود ڈولتی تکتے ہر فن کی بین   سُنے آکے ناگوش دُشمن کی بین   وہ بن بن بجاتی تہی تن تن کی بین   بجاتی تہی جون جون وہ بن بن کی بین
خس و خار سُنتے تہے بن بن کے بین

جو بوٹی جڑی تہی کہڑی اُڈ پڑی   تو سُننے کو بلبن آ زمین مین گڑی   نگہ جا کے اسجا پہ جسدم لڑی   نظر جو کہ پڑتی تہی بوٹی جڑی
ہر اک، عالمِ شوق مین تہی کہڑی

بجاتی تہی بیٹھی ہوئی بین کبہی   دو ودام سُننے کو آتے جبہی   ہوئے جمع آ آکے یکسر تبہی   تماشا نہ دیکھا تہا جو یہہ کبہی
درو دشت غش ہو پڑے تہے سبہی

جو اُس راہ سے ہو کے نکلا ذرا   تو سُن ہو گیا دیکھہ وہ ماجرا   سوا اُسکے دیکہو تعجب کی جا   یہان تک کہ رہ مین جو تہے نقشِ پا
وہ بیٹھی تہی کان اپنے اودہر لگا

نوائے چکاوک صوت ہزار   صدا پر تہے اوسکے تصدق ہزار   کہڑی کہہ رہی تہی یہ سوسن پکار   گلِ نغمہ تر کی نہی یہ بہار
کہ صحرا کے گل اوس کے آگے تہے خار

صدا مین کی اپنے کانون مین لے   نہ بدلی کی آنکھون سے آنسو ڈہلے   نہ تالاب ہی تہل رہے تہی بلے   نہ پانی ہی سن شور اوسکا چلے
کنوئین کے بہی دل مین اُٹھے ولولے

نہ ندی نے نالے کئے تہے کبہی   نہ جہیلون نے جہیلا بہت دُکھ سہے   ٹپک کر فقط اولتی کیا کیے   نہ چشمے ہی کچھہ آبدیدہ رہے
گریبان کر چاک دریا بہے

ہوئے جمع آ طائر شام و روم　بہر او جد مین انکا سب عالم و دم　تصدق وہ ہوتے تہے ہاتہونکو چوم　ہوا بلبل و گل کا یہانتک ہجوم
کہ گرتی تہین وان ڈالیان جہوم جہوم

ہر اک نوع کا جب ہوا ازدہام　تو آپس مین بولنے لگے ہم کلام　یہ کیا تار پر انگلیونکا ہے دام　تحیر کا تہا وان ہر اک کو مقام
زبان کا نکلتا تہا ہاتہون سے کام

وہ تکلیف دی جان بیکل کے تئین　لگاتی تہی دل آج اور کل کے تئین　کہلاتی گل تازہ پل پل کے تئین　چمن کرتی پہرتی تہی جنگل کے تئین
بساتی تہی جنگل مین دنگل کے تئین

ادا ایک ہو اسطرح ہے طلسم　جو ہے آج جوگن کے دم سے طلسم　یہان ہے زبان قلم سے طلسم　یہ ہر جا پہ تہا اسکے دم سے طلسم
بندھا تہا اسی دم قدم سے طلسم

کنوئیں میں یہ تو اپنا ڈلوا گیا

نہ پہنچا کوئی میرا فریاد رس   کسی قافلہ کو نہ آئی ہوس   صبا لے نہ آکر پھرا اک نفس   نہ اُس جا کبھی آیا میرِ عسس
تڑپتا رہا دل برنگ جرس

وہ تاریک خانہ مرا گھر رہا   دیا ظلمتِ غم کا بادر رہا   جو جاگا تو کیڑوں ہی کا ڈر رہا   اگر نیند آئی تو بس مر رہا
صدا میری چھاتی پہ پتھر رہا

محبت نے یہ چاشنی اور دی   نہ غربی ہی نے مجھے غور دی   طبیعت مجھے حق نے مغموم دی   مے رنج ساقی نے دل اور دی
کہ میرے تئیں جیتے جی گور دی

زمین سے نکلنے کی کب آس تھی   بہ پاس ایک سے تا بہ پنجاس تھی   اندھیری کنوئیں کی عجب تارسی تھی   شفیق ایک سل سرِ پہ مجھ پاس تھی
فلک کے مجھے ہاتھ سے یاس تھی

عجب طرح سے زیست کرتا رہا   عجب حال مجھپر گذرتا رہا   زمین کا غضب دل میں بھرتا رہا   فلک کے ستم سے میں ڈرتا رہا
تری جان سے دور مرتا رہا

خدا ہی نے تجھسے ملایا مجھے   رلایا مجھے اور جلایا مجھے   اُڑایا مجھے پھر گرایا مجھے   مقدر نے کیا کیا دکھایا مجھے
اُٹھا قبر سے پھر جلایا مجھے

دیا شاہزادی نے رو رو جواب   کیا یاد سب اپنا حال خراب   لبوں پر تو ہاں دل میں حد اضطراب   یہ سُن سنکے بس جی میں کھا پیچ و تاب
کہ مینے بھی ایک شب یہ دیکھا تھا خواب

ترے داغ کی دل میں جو بو گئی   ترے بن میں آنکھوں سے خوں رو گئی   ترے سنگ ماہوان بہت ڈھو گئی   ترے غم میں میں جانکو کھو گئی
میں اک رات روتی ہوئی سو گئی

تو کیا دیکھتی ہوں کہ صحرا ہے ایک   تو ہے جھاڑ بوٹا نہ کانٹا ہے ایک   تو ندی نہ نالا نہ دریا ہے ایک   تو نے غول نے خضر تنہا ہے ایک
اور اس دشت بر میں کنواں سا ہے ایک

صدا واں سے آتی ہے بدر منیر   سنی کان دھر کر جو میں نے نظیر   نہ کوئی پری ہے نہ دیو حقیر   نہ کوئی آدمی ہے نہ حیوان شریر
ادھر آ کہ یاں قید ہے بے نظیر

میں ہر چند چاہا کروں تجھسے بات   میں جاؤں کدھر کیا کروں تجھسے بات   تو تنہا میں تنہا کروں تجھسے بات   صدا اُسکے سمجھا کروں تجھسے بات
ولے کی گئی واں نہ کچھ مجھسے بات

مری جان گو اس طرف ڈھل گئی   سمجھ کر میں سوئے تحمل گئی   اور آنسو سے پتلی مری ڈھل گئی   وہ تھی نیند کیا مجھکو سے جل گئی
اسی دم مری آنکھ پھر کھل گئی

عجب اُس گھڑی مجھپہ گذرا قلق   نہ دنیا نہ دیں یاد نے یاد حق   مجھے اُس قلق میں یہ آیا عرق   تو چہرا اُداس اور ہوا رنگ فق
کہ دل اور جگر ہو گیا میرا شق

اُسی دن سے یہ حال پہنچا مرا   نہ کچھ رنج کا یہاں تلا نے سہرا   اور آنکھوں سے مینہ آنسوؤں کا گرا   اُسی روز سے ابر غم کا گھرا
کہ مرتی رہی نام لے لے ترا

نہ دیتا تھا گو کوئی تیری خبر   صبا ہو نہ ہدہد نہ پیغام بر   کہ سر کو میں پاتی نہ اور پاؤں سر   خرد کی ترے غم نے توڑی کمر

وہ لے تہا ترے غم سے دل کو اثر

نہ شب کو تہی نیند اور نہ دنکو طعام مجھے خواب خور ہو گئی تہی حرام کہان تک کہون تجھسے حاصل کلام گذرتا تہا وان تجھپہ جو صبح و شام
وہ اندہیر تہا مجھپہ روشن تمام

سدا اپنے سایہ سے ڈرتی تہی مین سدا زندگی سے گذرتی تہی مین وہ غلطیدہ خون آہ بہرتی تہی مین عجب طرح سے زیست کرتی تہی مین
کہ اُس زیست کرنے سے مرتی تہی مین

اُسی درد سے تہا جگر بیقرار اُسی بیقراری سے تہا اضطرار اُسی غم کی آہون سے سینہ فگار اِسی غم مین رہتی تہی لیل و نہار
کہ کیونکر ملاویگا پروردگار

جب اس حال کو حال پہنچا مرا ہوا درد و غم بیکہ حد لا دوا نہایت کے درجہ پہ گہبرا دیا مری شکل پر رو کے نجم النسا
گئی اِسطرح شکل اپنی بنا

بنا حال پہنچی پرستان مین جب ہوئی مجلس شاہ مین وہ طلب وہ راضی ہوئی سُنکے مین سکو جب پہر آگے تو معلوم ہے تمکو سب
کہ ہم تم ملے پہر اُسی کے سبب

بہت کوہ غم سر پہ تہے گو اُٹھے اُٹھائے گئے بوجہ جو جو اُٹھے ادہر سوتے سوتے سے وہ دو اُٹھے یہ آپسمین کہہ حال دل رو اُٹھے
وہ کہنے کو سونے تہے پس سو اُٹھے

بیان کرتے ہین ہجر کا ماجرا جو کچہ رنج و غم آنپہ گذرا سدا ملا وصل بدلا مکافات کا جو ملتے ہین بچہڑے ہوے جا بجا
اُنہین نیند باتون مین آتی ہی کیا

اِدہر اُسنے گذری ہوئی سب کہی اُدہر اُسنے بہی کچہ کہی کچہ سُنی بس آپسمین کہنے کو فرصت نہ تہی پریزاد نجم النسا وان جو تہی
الگ اپنی باتون مین مشغول تہی

رہا شغل ذکر مکافات مین ہوئی داستان لف کی رات مین کبہی لب بلب ہاتہ تہا ہات مین گئی رات حرف و حکایات مین
سحر ہو گئی بات کی بات مین

کواکب کو فرصت اِدہر ہو گئی غم اندازی سہ کی بدر ہو گئی اذان ہو گئی تو بسر ہو گئی شب وصل کی جو سحر ہو گئی
تو سوتو نکو گویا خبر ہو گئی

منازل کو پہنچے ستارے شتاب لپیٹی گئی کہکشان کی طناب سفیدی نے ڈالا سیاہی کو داب چہپایا مہ نے اپنے منہ پر نقاب
اُٹھا بستر خواب سے آفتاب

خماری تہین آنکہین نشے مین تمام جماہی کا آنا دہن مین کلام پئے رفع دردسر تشنہ کام صبوحی کو اُٹھتا ہے جیسے مدام
شراب شفق سے بہرے اپنا جام

وہ کروٹ بدل لینی اور خواب ناز کچہ اک بیخودی اور کچہ اک ہوش باز ملی آنکہ کر کے در خواب باز ہوا چشم واجب وہ مژگان راز
سپید و سیہ مین ہوا امتیاز

ثریا گیا اپنی منزل کو ڈہل ہوا بزم انجم کا یک لخت قل کیا چہپکے [illegible] نے غل گیا عقدہ صبح اُسدم جو کہل
نکل آئے ادہر اُدہر سے وہ گل

بنائے گئے رات بھر کام وہ　محبت کا پیتے رہے جام وہ　جو جاگے بہم نیک فرجام وہ　اٹھے جبکہ آپس مین گلفام وہ
گئے باری باری سے حمام وہ

ہوا آفتاب آگے آئینہ دار　کھلا پنجۂ مہر کیا شانہ دار　لے آیا دہر عطر مشک تتار　دوبارہ کیا سب نے اپنا سنگار
چمن مین نئے سر سے آئی بہار

ہنوز بانسیم سحر جا بجا　کہین غنچہ چٹکا کہین گل کہلا　سن اب یہ سنو ماجرا دوسرا　وہ جوگن بنی تھی جو نجم النسا
بھی گرد وہ اپنے تن کی چھڑا

نہانے لگی ہائے کس شان سے　کہ عشاق جانے لگے جان سے　کہون دل کی خاطر مین یان آن کے　نہا دہو کے نکلی وہ جب آن سے
کہ الماس نکلے ہے جون کان سے

پڑا پانی بدلا عجب اُسکا روپ　کُھلا جسم نکھرا عجب اُسکا روپ　وہ دُہل دُہل کے چمکا عجب اُسکا روپ　نہانے سے نکلا عجب اُسکا روپ
نکل آئے بدلی سے جس طرح وہ دھوپ

نگر کیا کہون اُسکا عاشق پہ جور　کہ اس جور پر [illegible]　شفق کی [illegible] آتا ہو ن غور　ولے راگ اُسنے لگائی یہ اور
کہ پوشاک کو سرخ لالے کی طور

وہ گلنار پوشاک رشک چمن　وہ لالہ کہ غنچے کی جھوٹا [illegible]　ہر اک شفق سرخ سارا بدن　جلانیکو عاشق کے دکھلا یہین
لیا سرخ لاہی کا جوڑا پہین

کرن اُسمین سورج کی جیسا کی جا　دہنک برق کی ٹانک [illegible]　شفق مین کی لگی گوٹا کیا　تمامی کی سنجاف اُس پر لگا
طلا کی طرح سے دیا دکہا

سہاگن کی پہولون سار نگلین لباس　شفق کا ہوا اور مرجان کی باس　ہوئی اُس سے رنگت [illegible]　اُسی رنگ کے ساتھ کا سب لباس
تصور مین ہو سرخ جس کے قیاس

وہ لعل مین سر سے پاؤن تلک　[illegible] عقیق اُسکو تک　ہی ہے وہ تو کا [illegible]　بھبوکا سا تن اور مُنہ کی دمک
کہ جون شعلہ آتش سے اُٹھے بھڑک

عجب طرح جوبن وہ دکھلاتیان　فرشتون سے ہین ہات ملواتیان　کچھ ایسی ادا مین سخت اتراتیان　نکیلی وہ اُٹھی ہوئی چھاتیان
بھری اپنے جوبن مین انڈلاتیان

وہ کنٹھی کی شہرت وہ تکمہ کی دہاک　صفائی [illegible] ہوئی صفا پاک　وہ نور قمر پر سحر اشتراک　کی صفائی وہ کرتی کا چاک
ٹرانشے کی انگیا کسی ٹھیک ٹھاک

وہ دریائے خون کی حباب ایکدال　بھرا خون مشتاق دل سے نکال　وہ محرم صفا اور وہ کرتی کا حال　وہ کنچین سی اُسمین کچین لال لال
بھرے رنگ سے تمغے کی مثال

وہ نقش سویدائے دل ہی فزود　دیا حجر اسود ہے پڑ ہے درود　سیہ شب [illegible] بالا [illegible] کشود　نلاہٹ وہ بھٹنے کی اُس سے نمود
کہ جون سرخ چہرے پہ خال کبود

بھرا ہے حیا اُن مین لیکر شہاب　مے سرخ کی لال شیشے مین آب　نہین یہ [illegible] کچھ اچھی بناب　کبھی تو لئے اپنے منہ پر نقاب

شفق میں چھپے جوں مہ آفتاب

جو پلو کا آنچل رہے اس پہ سرے کناریکا گوٹا موڑ سے اور جڑے یہ ڈوبی ہوئی اوسکی قسمت کے بنت گرد اوسکے نہ کیونکر پہرے
کہ وہاں گوکھرو لہر کہا کہا گرے

وہ کلیاں میں رشک رنگ پیچ تہ پور وہ بوٹے کہ خورشید خاور پہ جور وہ پاپنچے شمع و فانوس نور وہ پاجامہ سبز کمخواب اور
دوپٹہ بنارس کا سورج کے طور

عقیق یمن رشک ہے کہا گل یہ موتی کہ تھی موتی میں تل پڑا کوہ و دریا میں ہر سمت غل جواہر سجا اپنے سو قع پہ کل
تر شح ہوتا ہو جیسے ز دیدہ گل

ادہر اپنے بل پر تو گیسو کھنچی ادہر گل سے خوشبو کو ہیرو کھنچی رہی بہرتی مشاطہ ہر سو کھنچی وہ کنگھی کھنچی اور وہ ابرو کھنچی
ہر اک آن میں اپنی ہر سو کھنچی

وہ شانہ کہ تقصیر اوسکی معاف معافی مکہ باعث کرے ہاتھ صاف وہ زلف سلاسل بلا بر خلاف کہجوری وہ چوٹی زریکا موباف
کہ جوں دود کے بعد شعلہ ہو صاف

وہ پہولونکا گہنا جدا اوسکے پاس بنی باغ باغ اس سے عاشق کی آس کلونکی جائل کا تھا ہر مساس عروسانہ اوس نے کیا جو لباس
تو آنے لگی خون کی اوسمیں باس

وہ پوشاک زیور وہ چہر یکا نور وہ پہولونکی نکہت وہ حسن غرور پری جو غش ہو گئی بے قصور بنی جبکہ اس رنگ وہ رشک حور
چلی آئی فیروز شہ کے حضور

اڑا ہوش جانے کدہر کو گیا ویا نیند آئی تھی جھٹ سو گیا وہ تلوار کی آنچ میں جو گیا پر پزاد تو قتل ہی ہو گیا
کہے تو کوئی جان سے کھو گیا

مگر جان پر صدمہ ایسا سہا کہ آنکھوں سے حسرت کا دریا بہا نہ وہ چہل اسدم نہ وہ قہقہا حیا سے نکی بات نے کچھ کہا
ولے جی سے قربان اسپر رہا

سمندر محبت کے بہنے لگے وہ کہل کہ سب رہنے سہنے لگے خوشی عیش بہی باہیں پہنے لگے وہ بن ٹہن کے آپسمیں ہنسے لگے
بہم راز دل اپنا کہنے لگے

نہ غم متصل اور نہ حسرت مخل اٹھے شیشے الفت کے حد متصل ہوئے اور بہرے تخل د انفصال خوشی سے ہوئے ملکہ سر جز دل
لگے سبزیاں پینے آپسمیں مل

غرض وصل کے اپنا اڑانے لگے عجب ہو لئے وہاں کارخانے لگے گزک کہانے اور سے پلانے لگے ضیافت بہم ملکے کہانے لگے
وہ غم کہانے اور نکے ٹہکانے لگے

مے وصل سے جام بہرتے رہے دلو نپر مگر بات دہرتے رہے سدا زلف و کاکل سنورتے رہے چھپے عیش و عشرت وہ کرتے رہے
پہ غیرونکی چرچے سے ڈرتے رہے

کوئی فاختہ کوئی شمشاد تہا کوئی قمری و سرو آزاد تہا کوئی شیریں اور کوئی فرہاد تہا اگرچہ ہر اک وصل سے شاد تہا
ولے ہجر کا غم اوسے یاد تہا

ہوئی مشورت کی بہم گفتگو / کہ تحریر سے ہو سخن دوبدو / دلوں میں بھری تھی سو آرزو / یہ ٹھہرا کے نکلے وہ دو ماہرو
کہ اس بات کو کیجئے اکسو

ہم ایسے میں کر کے اشارے رہیں / بلخ تم رہو ہم بخارا رہیں / جدا دونو یہ ماہ پارا رہیں / غضب ہے جو یوں ہی دو بارا رہیں
چھپے کب تلک آشکارا رہیں

رواں نامہ ہم بار ہی بار کیں / بیاں انہیں شوکت شماری اگر کیں / یہ پیغام شادی کے اظہار کیں / نصیب اس طرح سے جو یاری کریں
عیاں کیوں نہ ہم خواستگاری کریں

ادھر وہ گئیں یہ ادھر کو گئے / غرض اپنی اپنی کو دونو گئے / غم داغ ہجراں کو لیتے ہو گئے / جب آپس میں یہ مشورے ہو گئے
ادھر اور ادھر بل کے دو دو گئے

محبت کے رشتے میں دونو اسیر / لگیں رہنے تھیں دو آئینہ دو یہ فقیر / وہ فیروز شہ اور وہ بے نظیر / وہ نجم النسا اور وہ بدر منیر
کچھ اک کر بہانہ وہ دونو شریر

وہ دل ہاتھ میں لا کے ماں باپ کے / وہ دل خوش بہت پا کے ماں باپ کے / گئیں آگے گھر اپنے ماں باپ کے / رہیں گھر میں پھر جا کے ماں باپ کے
کہ دیکھیں گے اب ہم قدم آپ کے

جو ان دونوں نے گھر کی لی اپنی راہ / چھپے برج اقلیم میں مہر و ماہ / مناسب یہ سمجھا کہ پیرایہ خوانخواہ / نکل بے نظیر اور فیروز شاہ
کسی شہر میں رکھیے فوج و سپاہ

مہیا کر اسباب شاہی نخست / بتایا انہیں جیت تھی جو کہ سست / وہ چست و درست و خود نشست / کر اسباب سب سلطنت کا درست
پھر آئے ادھی جا پہ چالاک چست

بنایا وہاں خیمہ و بارگاہ / نہ دیکھا کسی کو بغرض عذر خواہ / لگے نا پہنے پھر رسم و راہ / وہاں کا جو تھا شاہ انجم سپاہ
جسے لوگ کہتے تھے مسعود شاہ

بہت اوسکی تھی فوج و خیل و حشم / وہ ماہی مراتب و طبل و علم / سو اسکے لیے لیکے کاغذ قلم / کیا نامہ یوں ایک اوسکو رقم
کہ اے شاہ شاہان و فخر عجم

صفحۂ کاغذ گلنار ہے گل زمین قرطاس لالہ زار ہے بے نظیر نامہ نگار
ہے مسعود شاہ سے بدر منیر کے عقد کا خواستگار ہے نگہت چمن چمن ہے
کثرت گل سے صحن باغ گویا دولہن ہے

ملک فیلقوس اور دارا نہاد / کیومرث شان و زرتشت زاد / ہمایوں سرشت اکبر خوش مراد / فریدوں مثال و سکندر نژاد
مراد جہان و جہان مراد

نریمان شیم زال خصلت بہم / فرامرز جنگ گیو ہمت بدم / پشن سیرت اسفندیار حشم / جہان شجاعت زمان کرم
دل رستم گرد جانم ہم

کشش آب و خور کی بہی ہی اک عجیب   کہ ہوجاتا ہے آدمی ناشکیب   نہین سوجھتا ہے فراز و نشیب   ہین وارد ہون یہان اک مہمان غریب
لے آئے ہین مجکو مرے یہان نصیب

نہ چشم تلطف ذرا سیجئے   شراب عنایات کو پیجئے   اجازت خوشی سے ہمین دیجئے   نوازش سے اپنے کرم کیجئے
غلامی مین اپنی مجھے لیجئے

عیان کا نہ محتاج ہووے بیان   عیان ماجرا کسطرح ہو نہان   گو یہ ہین سب متفق آسمان   ہمیشہ سے ہے راہ و رسم شہان
کہ وابستہ یون ہی ہین کار جہان

مین نجم سعادت دل آگاہ ہون   مین کیوان جناب ایک ذی جاہ ہون   سپہر شہی پر مین یکجاہ ہون   جہان پر ہے روشن کہ مین ماہ ہون
ملک زادہ ابن ملک شاہ ہون

دبیر فلک ہے ہمارا مشیر   ہے مشعل بکف شبکو بدر منیر   تعلی نہین عرض کی بے نظیر   ہر اک مجھسے واقف ہے برنا و پیر
کہ ہے نام میرا شہ بے نظیر

فلان شہ کا پوتا ہون اور بالکا   پدر ہے شہنشہ خوش اقبال کا   لکھ فوج یہ حال احوال کا   بیان سب کیا ماضی و حال کا
تجمل لکھا فوج واحوال کا

مین بندہ ہون رب میرا پروردگار   مین عاجز ہون اور ناتوان خاکسار   گنہگار ہون اور عصیان شعار   جتا کر بہت عجز اور انکسار
لکھا یہ بہی اک حرف آخر کے بار

ہے قول بزرگ لطیف و ظریف   لطیفہ ہے یہ اک نہایت لطیف   قوی عرض کرتا ہے عاصی ضعیف   کہ جو ہووے برعکس شرع شریف
وہ ہے اپنے مذہب مین اپنا حریف

خدا کو ذرا آپ پہچانئے   مصمم ارادہ بدل ڈالئے   نہ اورون کو آفت مین لا تانئے   اگر مانئے خیر تو مانئے
نہین آپ آیا ہمین جانئے

یہ لکھ پڑھ کے نامہ بصد انتظام   دیا بخنۂ مغزی سے سرنامہ خام   صبا بنکے قاصد گیا اک غلام   گیا یہ جو مسعود شہ کو پیام
سنا اور پڑہا خط کا مضمون تمام

وزیرون سے کی مشورت خواہ مخواہ   جتایا سب اپنا حشم عز و جاہ   بہت خوض کر دل مین اسے سوچ راہ   سمجھ اسکا مضمون مسعود شاہ
کہ اتنی ہے فوج اور اتنی سپاہ

سمجھ سوچکر جیسین اور کر خیال   کہ ہر امر ہے فی الحقیقت محال   سمہ اول سے جہین گے اسکا مآل   اور آخر یہی ہے زمانے کا حال
کہ پیوند ہوتے ہین باہم نہال

شگوفہ بہارون کا پابند ہے   ثمر ایک سے لیکے وہ چند ہے   زمین سے نکلتا زمین قند ہے   نہ تازی یہ کچھ رسم پیوند ہے
ہمیشہ سے عالم برومند ہے

تو مسعود شہ نے بلا کر شتاب   دبیر خردمند کر انتخاب   دیا حکم تحریر کا اس حساب   لکھا نامہ اوسکا یہ اک جواب
کہ عاقل کو نکتہ سے لگے ہے کتاب

∴ ✣ ∴

جواب نامہ بے نظیر کا عطارد دبیر ہے صفحہ کاغذ رشک بدر منیر ہے شادی کی خوشی مین گل گلشن پہولے نہین سماتے ہے اشتراک نسیم سرکتے فضائے چمن مین غنچے کھلکھلاتے ہین عاشق و معشوق کا مدعائے دلی بر آیا نخل امید مین

کیا چاند ثمر آیا

لکھا بعد حمد و ثنائے خدا　صحابہؓ کی لکھ منقبت کو ذرا　سپاس نعت پیغمبر مصطفیٰ　یہ حمد خداوند عرش و سما

پس از نعت احمد شہ انبیا

لکھا بعد و ثنائے خدا　جواب اسکا لکھنے کو خامہ اٹھا　سو قاصد لے آیا اور ہمنے پڑھا　کہ تمنے ہمین وہ جو نامہ لکھا

پس از نعت احمد شہ انبیا

کہ نامہ تمہارا جو سربستہ تھا　جواب اسطرح خط کا لکھا گیا　بیان اپنے دل کا کیا مدعا　عطارد رقم ایک منشی بلا

وہ راز نہان اپنے ہاتھون کھلا

شریعت کے عالم مین مجبور ہین　یہ ہم حکم شرعی سے معذور ہین　علم فوج و لشکر سے معمور ہین　سنو ہم بڑے اہل مقدور ہین

نہین اپنے نزدیک ہم دور ہین

اگر ہم کبھی اپنے دعوی پہ آئین　عدو در و بر و آئین و دوزخ کو جائین　تو لاکھون کے خون کا سمندر بہائین　جو ہم زور شمشیر تمکو دکھائین

تمہارے فلک کو نہ خاطر مین لائین

ابھی گھر سے نکلے ہوا اڑ کے طور　یہ اک پل مین ہوا اور سے اور اور　ہین انواع اسکے بہت ظلم و جور　زمانے کا دیکھا نہین تمنے دور

نہین نیک و بد پر تمہین اپنے غور

کسی پاس دولت یہ رہتی نہین　یہ آتش ہمیشہ تو رہتی نہین　یہ جاتی ہے تو منہ سے کہتی نہین　سدا سلطنت عیش سہتی نہین

سدا ناؤ کاغذ کی بہتی نہین

ولے کیا کرین رسم دنیا ہے یہ　وہان ہو گا کیا خوف عقبی ہے یہ　سمجھتے ہین ہم اسکو ہین کیا ہے یہ　سو فوج و حشم جو تمہارا ہے یہ

دگر نہ گھمنڈ آپکا کیسا ہے یہ

زبس ہمکو ہے پاس شرع رسول　سو تم فوج و دولت پہ جانا نہ بھول　یہ تقریر باہم کی ہے نہ فضول　اگر تم نہو اپنے دل مین ملول

سو اسواسطے کرلئے ہین ہم قبول

خلاف پیمبر کسے رہ گزید　فقط یہ ہے سو قفل کی اک کلید　سمجھ لو نہین کچھ ہے لطف مزید　نہ کیجے بہت آپہین گفت شنید

کہ ہرگز بمنزل نخواہد رسید

ایک اچھی سی تاریخ ٹھیرائیے　بزرگ ایک ملا کو بلوائیے　ضروری جو چیزین ہون منگوائیے　رسومات شادی بجا لائیے

دیا حکم ہمنے تمہین آئیے

گیا ایلچی نامہ لیکر ادھر　دیا پیک کو جلد پہنچا مگر　خط لیکر وہین شوق جلد لیکر　ہوا نامہ تحریر جب سربسر

اُڑی ہر طرف یہ خوشی کی خبر

لے آیا جو نامہ کی قاصد سعید کہلا اور ہوئی اُسکے حرفونکی دید عجب وقت تہا اور روز سعید سنی یہ جو نامہ کی گفت و شنید
ہوئی شاہزادہ کو گویا کہ عید

لگی اُٹھنے دل سے خوشی کی اُمنگ اٹھی جی مین عیش و طرب کی اُمنگ شگفتہ ہوا غنچہ دل کا ڈہنگ کشادہ ہوئے دل جو تہے غم سے تنگ
او سیدن سے ہونے لگے راگ و رنگ

خواصونکو سو ہین خبر داریان ملین شوق دل کو طرحداریان لگے دوست سب کرنے غمخواریان ہوئین ہر طرف سب آزاریان
لگین ہونے شادی کی تیاریان

ہوا حکم کرنا نہ دیر ایک چہین لے آو برہمن کوئی ایک سن خوشی و طرب سب ٹہری جہین گن بلا شگنیو نکو بتا سال و سن
مقرر کیا نیک ساعت کا دن

مارے خوشی کے قد آدم اوچہل پڑی ہلنسی ذوق مسرت مین دہن سے باہر نکل پڑی نواسنجان چمن زمزمہ عشرت کرتے ہین عطریت کو گل اپنے دامن مین بھر لیتے ہین سبب اس طرب کا کیا ہے گیا ہے اجی میان باطن ہے نظیر و بدر منیر کا بیاہ ہے

کہان ہے وہ صہبای توبہ شکن کجا شیشہ و جام ایجان من ذرا کہول میخانہ مین خم شتافن کدہر ہے تو اے ساقی گلبدن
دہری آج اُس شمع رو کی لگن

بجا فاش کر آکے اس راز کو بہت جان عیش جدا ساز کو نکیسا و غیرہ سخن باز کو بلا مطربان خوش آواز کو
کہ آوین لئے اپنے سب ساز کو

ہراک کارخانہ مین ہشیار ہو ہراک جنس کا آکے انبار ہو پس اب پہول ہوان پہن ہار ہو وہ سامان شادی کا تیار ہو
مہیا کرو جو کہ درکار ہو

ہوا راستا کج گنبد کینہ توز اثر کر گیا شمع کا ساز و سوز بہرے لاکہ ارمان دلمین ہنوز بڑی خواہشون سے جب آیا وہ روز
چڑہا بیاہنے وہ مہ شب فروز

ادہر اک طرف ہاتہیونکی قطار اور اک سمت کو جمع پیدل ہزار ادہر شور اور غل اودہر کو پکار محل سے نکل جب ہوا وہ سوار
بجے شادیانے بہم ایکبار

ہے اصل و بیان مین بہت فرق ہان کہان وہ سمان اور بہلا مین کہان نہین لکھنی مجکو جو بڑی داستان کرون اوس تجمل کو کیونکر عیان
کہ باہر ہے تقریر سے یہ بیان

کسی نے کسی کو پکارا شتا ارے او میان یہان تو آنا ذرا کہڑے رہیے اک بات سننا بہلا وہ دولہا کے اُٹہتے ہی اک غل مچا
لگا دیکہنے اُٹہکے چہوٹا بڑا

کہارون کو کوئی بلانے لگا　کوئی پالکی کو منگانے لگا　اِدہر سے اُدہر کوئی جانے لگا　کوئی درزگھوڑہ ڈنکو لانے لگا
کوئی ہاتھیون کو بٹھانے لگا

کسی نے کہا او میان بہائیو　ذرا اپنی ہتنی کو بٹھلائیو　کسی نے کہا جائیو جائیو　لگا کہنے کوئی اِدہر آئیو
ارے رتھ شتابی مرا لائیو

کسی نے لیا آشنا کو پکار　کسی نے دیا اپنا سائیس مار　چلا کوئی پیدل ہی دامن سنوار　کوئی پالکی مین چلا ہو سوار
پیادون کی رکھہ اپنے آگے قطار

چلا کوئی اُس سمت ہاتھی نشین　کسی نے کری قطع پیدل زمین　کھڑا ہے کوئی سوچ مین سہمگین　جو کثرت مین دیکھا کہ گاڑی نہین
کوئی تانگے تانگے پہ بیٹھا کہین

کہین سقیے سڑکین چھڑکنے لگے　کہین تازی ترکی پھڑکنے لگے　دل بزدلان سب دھڑکنے لگے　سپر اور قبضے کھڑکنے لگے
سوارون کے گھوڑے بھڑکنے لگے

بہارین وہ ثروت کی اور انکے بعد　جلائین وہ دولت کی اور انکے بعد　نوشائین وہ شوکت کی اور انکے بعد　شکوہ وہ نوبت کے اور انکے بعد
گرجنا وہ دہوسونکا مانند رعد

وہ نقارخانے مین اگر دہنین　جو لائے گئے ہوش اوہر دہنین　دقیقے نہ سمجھین پڑہے اور گنے　وہ شہنائیون کے سہانی دہنین
جنہین گوش زہرہ مفصل سنین

عجب پنجشاخے شب افروزشان　خجل مشعل مہر ہر روز وہان　وہ مہتاب چھٹتی تہی کیا بدرسان　ہزارون تمامی کے تختِ روان
اور اہل نشاط اوسپہ جلوہ کنان

سرود اوہ سارنگیون کا بجا　وہ لہریکا پہرتار بندہنا بہی کیا　مزہ دونکی بہی جہانجہ اک خوشنما　وہ طبلون کا بجنا اور انکی صدا
یہ گانا کہ اچہا بنا　لاڈلا

وہ بچیوں سنبھلیو کی ہر سو پکار　کڑک پہر وہ تاشونکی اک عہد دار　وہ سر پر لگا چتر اک زرنگار　وہ نوشہ کا گھوڑے پہ ہونا سوار
وہ موتی کا سہرا جواہر نگار

تماشے کو آیا زمانہ نکل　براتی ہزارون وہ فوجون کے دَل　وہ قرنیکا شور اور بانگ دہل　ٹہنک کر وہ گھوڑونکا چلنا سنبھل
ہماکی وہ دو نو طرف ہو چہل

ادہر پنجشاخے منور ہزار　اُدہر مشعلین شعلہ زن برقوار　وہ اک لاکہہ روشن اور انکی بہار　وہ فانوسین آگے زمردنگار
کہ ہو شیر پینا جنہون پر نثار

وہ گل مشعلون کے عجب افشان ہوئے　گلی اور کوچے گلستان ہوئے　مکان و محل سب خیابان ہوئے　دو رستہ جو روشن چراغان ہوئے
پتنگے خوشی سے غزلخوان ہوئے

ہوئے جمع طفل دبستان سے　کتابین اُڑا لائے ایوان سے　تجلی کے مطلع پڑہے شان سے　ہوا دل جو روشن چراغان سے
پڑہے شعر نوری کے دیوان سے

چراغون کے جہاڑ ہر طرف خوشنما　کنول پہولے مثل چمن اک جدا　وہ سرو چراغان کہین بنگیا　چراغون کے ترپولئے جابجا

اور اُن مین وہ بازاریون کی صدا

فقیرونکا کہنا اجی دوم دوم   نئی وضع چالین نرالی رسوم   ادہر اہل شام اور اودہر اہل روم   تماشائیونکا جدا اک ہجوم
پتنگے گرین جون چراغونپہ جھوم

ترہی کی وہ آواز پیون پیچ نیچے ساتھ   وہ بم زیر کی بین تہی غونغونکے ساتھ   برسنا وہ تلڑونکا دہون دہونکے ساتھ   کڑکنا وہ نوبت کا باجون کے ساتھ
گرجنا وہ باجونکا ڈنکونکے ساتھ

چراغون کی لوتا بسر جوق جوق   بہار چمن تا کمر جوق جوق   ہر اک چیز آتی نظر جوق جوق   براتی ادہر اور اودہر جوق جوق
وہ آواز قرنا وہ آواز بوق

عجب طنطن اور گنگوری کی صفیر   وہ لہرا کہ لہرائے پہ اوہ فقیر   ہو کیا حال سن لے اگر شیخ پیر   وہ گانے بیاہ دسے اور آنکی لکیر
کہ تا چرخ پہنچے صدا اونکی چیر

وہ پہولونکے تختے سجائیں اس ڈہنگ کے   چمن کے تہے تختے خوش آہنگ کے   ہزارا کہیلے گل بہت سنگ کے   وہ آرائش اور گل کئی رنگ کے
وہ ہاتہی کہ دو دو دیو تہے جنگ کے

بنفشہ کی چادر کو رکہا تہا گاڑ   انار اور مہتاب کی سہری باڑ   وہ ساون وہ بہادونکی پیوستہ آڑ   وہ ابرک کی ٹٹی وہ بیلے کے جہاڑ
کہے تو کہ تنکے کی اوجہل پہاڑ

کسی پر کہلا لالہ لخت لخت   کسی پر چمن باغ بلوے کرخت   کوئی نرم گل اور کوئی تہا سخت   وہ رستہ برابر برابر وہ تخت
کسی پر کنول اور کسی پر درخت

مین ہر کس وش پر لگاؤن سراغ   چراغونکے گل کہل رہے باغ باغ   مثال اوسکی کہتا ہوں گل کہاگئے داغ   وہ رنگین کنول اور وہ شمع چراغ
کہلے جسطرح لالہ نور باغ

یہان سے وہانتک کہلا لالہ زار   وہان سے وہانتک ہزارون ہزار   نگہہ کا پہنچنا ملا جائے تار   جہانتک نظر آئے انکی قطار
طلسمات کی سی ہوا ابر بہار

چہچہوندر کی زبان زبان ملی گرد گہور   وہ ساون برسنا کرے شور بور   وہ مہتابکا پور د کہلائے غور   انارونکا چہٹنا پہنچے کا زور
ستارون کا چہٹنا پٹاخون کا شور

ادہر پہلجہڑی اور اودہر لوا انار   لگی چہوٹنے دمبدم صبح وار   اڑن کا جدا شور چرخی کو مار   وہ مہتابکا چہوٹنا بار بار
کہ ہر اک نگاہ کی جس سے دونی بہار

تجلی کا سامان جو منظور ہو   تو جو ٹیلہ ہووے وہی طور ہو   گیا قطرہ دریا مین مستور ہو   دہوان چہپ گیا نور مین نور ہو
سیاہی اوڑی شب کی کافور ہو

لگی تہی سراسر چراغونکی باڑ   چراغون کی باڑ اور چراغونکے باڑ   زمین کہود کر گویا رکہی تہے گاڑ   سراسر وہ ہر طرف مشعل کے جہاڑ
کہ جون نور کے مشتعل ہون پہاڑ

براتی عجب ڈہنگ کے بیشتر   جسے دیکہو گویا کہ ہے نخل زر   وہ زربفت تہے پاس لی تابسر   زری پوش سر سبز سب کہ گر
پہرین برق کی طرح ادہر اودہر

بیان اسکی کا باہر ہے مقدور سے　قلم اور زبان دونو معذور سے　جسے دیکھو بہتر ہے وہ حور سے　کہے تو کہ نزدیک اور دور سے
زمین و زمان بھر گیا نور سے

اٹھاتے قدم کو نہیں ہات سات　چلے جاتے تھے ہاتھوں میں ہاتھ ہات　غرض رہ گئی اسمیں تھوڑی سی رات　جب آئی وہ دلہن کے گھر پر برات
کہون واں کے عالم کی کیا تجھسے بات

وہ دیوار و در تھے جو سنگ بہشت　وہ تھے خوب اور لعل گویا تھے زر خشت　وہ ہر قطع محفل کا حورونکی گشت　ہوا دن کی صحبت کی رشک بہشت
دھرے تھے لخلخے گرد عنبر سرشت

جڑاؤ وہ خیمہ زری چوبنکے بند　لگی وہ موتی کی جھالر دو چند　وہ مقیش کی ڈوریاں جیں کمند　کھڑے بادلوں کے وہ خیمے بلند
کرے عالم نور جسکو پسند

لگی داہنے ہانڈیونکی قطار　ادھر بائیں کو برج روشن ہزار　چراغونکے آگے کنول کی بہار　بلورین دھرے شمعدان بیشمار
چڑھیں موم کی بتیاں چار چار

نئی وضع کے اور نئے دور کے　اور انکے نئے طور اور اور کے　نئے دید کے اور نئے غور کے　نئے رنگ کے اور نئے طور کے
دھرے ہر طرف جھاڑ بلور کے

چلے دیکھنے کو گر اپنی کس　ادھر آئے پانچ اور ادھر آئے دس　رہی اندھوں لنگڑونکے جی میں ہوس　تماشائیونکی یہ کثرت کہ بس
ملے ایک سے ایک سب پیش و پس

کوئی نیچے اور کوئی بالائے بام　ادھر اور ادھر دائیں بائیں تمام　بڑے زرق برق خاص عام　دو زانو زری پوش بیٹھے تمام
شراب خوشی کے کیئے نوش جام

ہر اک کا وہ پاؤں اٹھا بیٹھنا　کھڑے ہونا اور ذرا بیٹھنا　کسی کو کسی جا ہٹا بیٹھنا　وہ دولہا کا مسند پہ جا بیٹھنا
برابر رفیقوں کا آ بیٹھنا

کسی کا یہ کہنا آواز سے　اٹھو ناچنے کو اک اعزاز سے　وہ تیار ہونا بڑے راز سے　وہ اٹھنا طوائف کا انداز سے
دکھانی وہ آ صورتیں ناز سے

وہ نورن ظہورن یہ دونو جوان　بہن کہکے پشوازیں اک شعلہ سان　کھڑی آ ہوئیں بزم کے درمیان　کروں راگ کا ناچ کا کیا بیان
قدیمی کسی وقت کا سا سماں

بتانا وہ پہلے ... مشتعل　بنا پھر اڑا دینا مشتعل　ادھر بیچ ہی وہ لینا کہ دل جاے مل　وہ ارباب عشرت کا آپسمیں ملنا
بتانا کہیں سے اگن کا دیئے گل

وہ دیپک ... ہی شہناد　ہبوکا اٹھے دل سے ناچگر　دھوئیں بندھ گئے راگ کے سر بسر　وہ اپنی کی تانیں ادھر اور ادھر
ملے سر طنبورہ نکلے یا یکدگر

وہ خورشید و مہتاب سے گورے گال　وہ گورے تھے ہیں کچھ مگر لال لال　خیالوں کا کرنا وہ دلمیں خیال　الٹنا وہ ٹھوکر کا دے دے کے تال
وہ بوٹا سا قد اور کبکدری کی چال

بتانا کبھی ہات کا وہ اٹھا　دوپٹے سے لینا وہ منہ کا چھپا　چھپا کر کبھی آپ دینا دکھا　کبھی پلٹوں کی دکھاتی ادا

کہ جون لوٹ کر ہو وے بجلی ہرا

کبہی آپ گانا ذرا ذوق سے　چلا بیاہنے کو بہلا ذوق سے　کبہی لیکے گہونگٹ کو کیا ذوق سے　کبہی گت پہری ناچنا ذوق سے
کہ تیورا کے عاشق گرے شوق سے

وہ ہرتال پر کہاتے سم کہہ کے لاؤ　کسیطرح صورت کو اپنی دکہا کر　اُڑاؤ جہان تان اِن عاشقونکو پاؤ　ادہر کی تو گت اور اُسکا یہ بہاؤ
اُدہر اودہمین نائیکا کا بناؤ

جدے بول ہے نخرے جتاتے چلے　وہ جہری پڑے ہاتھ ناچتی ہے　وہ کہونڈ لیے دانت اور گردن ہلے　کہڑی ہوکے دو گہونٹ حقہ کی لے
چبا پان اور رنگ ہونٹوں پہ دے

گئی جو مضمون کی صورت بدل　تجلی کے سانچے مین آنا ہے ڈہل　پڑے دیکھ عاشق کے دل کو کل　اور اُس صف سے اک چہوکری کا نکل
جتانا ہنر اپنا پہلے پہل

وہ صورت کہ خورشید سان صاف پاک　جسے دیکھ عاشق کا دل ہو دو چاک　وہ چالاق اور چونبد رکہے نہ باک　اُلٹا ہاستین اور تہر بکا چاک
نئے سر سے انگیا کو کرٹہیک ٹہاک

کیا آپ گوہر سے منہ شو شست　وہ افشان جبین پر چہڑک کر نشست　کیا تیز مشاطہ کو تیغ جو ست　بنا کنگہی اور کیا ابرو درست
جہٹک دامن اور ہوکے چالاک چست

دیا ہات سید ہے سے زلفوں مین بل　الجہہ کر کے تا ہو نہ عاشق کو کل　سراپا برابر وہ ہیئت بدل　دوپٹہ کو سر پر اُلٹ اور سنبہل
یکایک وہ صف چیر آنا نکل

کہونکہیا مین انداز اُس ناچکا　سراپا جو کچھہ اُس سے سرزد ہوا　وہ بیٹہی کیا قاعدہ کیو ادا　پکڑ کان اور گہنگرونکو اُٹہا
پہن پاؤنمین اپنے سر سے چہوا

نکالی اُس انداز مین اک بات　ادا ناچنے کے کئے سب نکات　اُٹہی وہ ہو کے سو پانچ سات　ادہر اور اُدہر رکہے کندہے پہ ہات
چلی ناچتی آنا سنگت کے سات

وہ آنا کبہی اور جانا کبہی　دکہانا کبہی منہ چہپانا کبہی　وہ دہرپت کی تانین اُڑانا کبہی　کبہی ناچنا اور گانا کبہی
رجہانا کبہی اور ریتانا کبہی

وہ چٹکی پسے جس سے دل ہو نہال　وہ ٹہوکر کہ عاشق کا دل پائمال　اگر آگیا بہیروین کا خیال　خوش آواز یون سُنے وہ گانا خیال
دکہانا ہنر اک دم مین اپنا کمال

وہ خلقت کی گرمی صحبت کا ڈہنگ　وہ دل کی خوشی اور وہ جی کی اُمنگ　وہ بزم طرب اور تیش کے رنگ　وہ شادی کی مجلس وہ گانے کا رنگ
وہ جیکی خوشی اور دل کی ترنگ

وہ پاؤنکو بیڑی وہ پہولونکے ہار　وہ ہاتہونکے چہلے جواہر نگار　دہوان دہار مسی پہ لاکہے کو مار　وہ پہولونکے گہنے کنارے کے ہار
وہ بیٹہی ہوئی رنڈیونکی قطار

سمند سخن کی مین پہیرون جو باگ　اب اس رنگ مین اور لاتا ہون آگ　تماشا یہ دونو طرف کی ہے لاگ　ادہر کا تو یہ رنگ تہا اور یہ راگ
محلین ادہر گہوڑیونکا سہاگ

الگ دینا لوٹے کی ٹونٹی ہمودانہ — اری آئیو اے بوا کی پکار — وہ آ بیٹھنا بزم مین ایکبار — گلے مین پہننا وہ ہنس ہنس کے ہار
سٹاسٹ وہ پھولونکی چھڑیونکی مار

کسی کا یہ کہنا ہمین آؤ آؤ — نکالو ذرا چاؤ تشریف لاؤ — سنا خانم انگیا تو اپنی دکھاؤ — دکھانا وہ بن بن کے اپنا بناؤ
وہ آپس کی رسمین وہ آپس کے چاؤ

وہ رسیا کھیلتی لڑکیان بالیان — وہ کانونمین انکے پڑی بالیان — نظر بازون نے دیکھیان بھالیان — قہقہے ہنسی شور و غل تالیان
سہانی سہانی نئی گالیان

کہین رشک زہرہ کسی کی جبین — کہین کہکشان سے بنا ہر تہین — نظر آگیا کوئی کیوان کہین — غرض کیا کہون تاب مجھ مین نہین
نہ دیکھے گا عالم کوئی یہ کہین

ابکار مضامین کا عقد ذہن رسا سے ملنا بدر منیر مضمون معانی بے نظیر سے جلوہ آرا ہوا غرض کہ بدر منیر کا نکاح بے نظیر سے اور نجم النساء کی شادی فیروز شاہ سے اور رخصت ہونا برات کا

صراحی منگا اور نہ ساغر اٹھا — نہ شیشے کی تو آج گردن جھکا — ذرا قند کو ٹوسے مین کو ملا — چھکا یون نشے مین بہت ساقیا
مجھے بدلے اب مے کے شربت پلا

نہ بدمست ہون اور نہ سرشار ہون — تو شربت پلا گو کہ میخوار ہون — چھڑک آب گل منہ پہ ہوشیار ہون — کسی پر نہ ایسا ہو جو بار ہون
تو پھر مین گلے کا ترے ہار ہون

چلا آیا کوئی لیئے ہار پان — وہ شربت جدا اور جدا تھے پان — ہر اک کو تصرف ہوئے ہار پان — ہوا جب نکاح اور بٹے ہار پان
پلا سب کو شربت دیئے ہار پان

ہوئی اور ہی راہ بعد از نکاح — وہ کہانا بنا زادہ بعد از نکاح — وہ سالے کی ہمراہ بعد از نکاح — اٹھا پھر تو نوشاہ بعد از نکاح
محل مین بلانیکی ٹھیری صلاح

ذرا گوش کیجیے سخن کی طرف — لگا شوق دُرِّ عدن کی طرف — خیال آیا جب حسن ظن کیطرف — چلا یون وہ دولہا دلہن کیطرف
اڑے جیسے بلبل چمن کیطرف

ہوئین سالیان آنکر رہنمون — گئیں لیکے تنہا کو بڑے لئے درون — برون سے درون اور درون سے برون — وہانتک پہنچتے ہوے کیا کہون
ہوے ٹوٹکے لاکھ پھر شگون

ہجوم عورتون کے ہجم جابجا — سمان ڈومنی کے بندھا راگ کا — عجب پر مزہ لطف پر لطف تھا — ہوا لیکن اس وقت دونا مزا
کہ دولہا دلہن جب ہوے یکجا

بٹھایا دولہن دولہا کو پاس پاس — بنے تھے دلہن انکے الفت اساس — شب وصل کی لگ رہی جی مین آس — عروسی وہ گہنا وہ سوہا لباس
وہ مہندی سہانی وہ پھولونکی باس

وہ انبوہ عورات کے پاس پاس   وہ آمیں پاؤنکے کہانیکی آس   وہ سہرا وہ بدہی ہمایون اساس   عروسی وہ گہنا وہ سوہا لباس
وہ مہندی سہانی وہ پہولونکی باس

وہ پچہلا پہرا اور گانا بہاگ   دلونمین وہ درپردہ الفت کی آگ   سہانی وہ صحبت سہانا وہ راگ   ملا سُرخ جوڑے پہ عطر سہاگ
کُہلے ملکے آپسمین دونون کے بہاگ

وہ جُوتا چہپانیکا سالی کو خیال   وہ دولہا ہنسانا مُنہ پہ رکہ رُومال   ادب سے بہت چوم کر او سنبہال   دکہا مصحف اور آرسی کو نکال
دہرا بیچ مین سر پہ آنچل کو ڈال

ہنسی چہل انداز ہر آن مین   وہ جُلوے کی تیاری دالان مین   خدایا ہے سب کچہہ تری شان مین   نہا وصل اِسطرح کا دہیان مین
خدا لائے کیا آن کی آن مین

کچہہ اِس رنگ پہولونکی افشان ہوئی   کہ محفل وہ رشکِ گلستان ہوئی   نظر دلونکی سوئے قرآن ہوئی   عجب قدرتِ حق نمایان ہوئی
جسے آرسی دیکہہ حیران ہوئی

دولہن دولہا کا خوش ہوا رسم و دم   دُلہن جلوہ لینے لگی جہوم جہوم   وہ صحبت کی گرمی وہ عشرت عموم   وہ جلوے کا ہونا وہ شادی کی دہوم
وہ آپسمین دولہا دولہن کی رسوم

رکہا تہا جو دُولہا کو مہمان کر   ہزارون طرح کی نئی شان کر   رسومات ہونے لگین دہیان کر   کسی نے بیسائی سر ریخ آن کر
کوئی گالیان دے گئی جان کر

لگی کرنے ہر ایک آ لوٹ کا   ادہر سے اودہر اور ادہر سے ذرا   ہر اک لوٹ کا اک نئی وضع کا   گئی کوئی آکان سے کچہہ لگا
گئی کوئی دولہن کی جوتی چہوا

چمن تہی وہ محلس وہ شیرین بنی   وہ گلزار گلشن وہ رنگین بنی   یہ لیلی یہ عذرا یہ دیرین بنی   وہ شیرین جو بیٹہی تہی شیرین بنی
نہ بات او سکے شیرین بنے کو بنی

بڑی منتون سے مدارات سے   بڑی حجتون سے حکایات سے   بڑی حکمتون سے مہمات سے   چبائی نبات اُس نے اِس گہات سے
کہ ڈہکا دیا ہر گہڑی بات سے

سمرقند سے لایا قند دو چند   شکر مین شکر ملگئی بس دوچند   حقیقت مین تہی اُسکو مصری و قند   دلہن دل تو تہا اُسکا ہر جا پہ بند
سبہی جا سے اُسنے چکہی کر پسند

جتائی ڈلی اوسنے آنکہونسے یون   بتائی ڈلی اُسنے آنکہونسے یون   دکہائی ڈلی اُسنے آنکہونسے یون   اُٹہائی ڈلی اُسنے آنکہونسے یون
کرین نوش بادام شیرین کو جون

وہ مصری کی قوتونکی ہمرہ ڈلی   غدد بتا مین پر شہد سے ہی بہلی   شکر کرکے بہی ریچہہ ہانسے ٹلی   دلی وہ جو ہونٹونکی تہی لب ملی
وہ مصری کی مُنہ سے اُٹہائی ڈلی

لگی دل کو اُسکے بہلی اسطرح   یہ چپکی نہ ہرگز ڈلی اسطرح   عسل اصل مین نہ ملی اسطرح   کمر سے اُٹہائی ڈلی اس طرح
کہ ہان ہونٹہین کی ڈہلی اسطرح

چہارون طرف سے وہ چہوٹا پڑا   میان چہن لوکہ کے پیچہے پڑا   پہر آخر کو اُسنے کیا جی کڑا   ذرا پانون پر کی اُٹہاتی اڑا

سہاگن اور ماں کا عجب غل پڑا

مرے دل سے پوچھو تم اُس دن کی بار   کہ سیماب ساں جس مین تھا بیقرار   حقیقت مین تھی جان ناچار اضطرار   یہ ظاہر کی تکرار تھی بار بار
دگرنہ دل اُس پاؤن پر تھا نثار

وہ تکرار مین کچھ ایسی چہلیان ہوئین   کہ گل کھل چنبیلی کی کلیان ہوئین   وہ مصری کے سانچے مین ڈلیان ہوئین   عجب طرح کی رنگ رلیان ہوئین
کہ باتین وہ مصری کی ڈلیان ہوئین

وہ رخصت کی تیاری ٹھہری جو دھوم   پنہایا وہ زیور یہ چھلّا وہ لوم   وہ چہل لیتی ولکوتی خود سے جھوم   وہ سب ہو چکی جبکہ رسم و رسوم
سواری کی ہونے لگی پھر تو دھوم

گلو نکیئے وہ شہا منہ کے ہونیکا وقت   عبادت تھا کے موتی پرونیکا وقت   وہ شبنم کے سبزہ بھگونیکا وقت   سحر کا وہ ہونا وہ ٹونے کا وقت
وہ دولہن کے رخصت رونیکا وقت

وہ گانا بجانا وہ ٹونا جدا   وہ اشکون سے منہ کا دہونا جدا   وہ رو رو کے جان اپنی کہونا جدا   وہ دولہن کا رو رو کے ہونا جدا
وہ ماں باپ کا اور رونا جدا

وہ صندوق اک گنبد نور ریز   ظروف ونکی قلعی ہی جون برق تیز   پلنگ ایک اور رنگ ساں جس بر ریز   نکلتے وہ جانا محل سے جہیز
کہ جون چشم سے اشک ہو موج خیز

مناسب ہے اک دن کے مہمان کو   ذرا سوچے انجام کی شان کو   اسیطرح رخصت ہی انجان کو   یہان موت ہے اہل عرفان کو
کہ جانا ہے اک دن یونہین جان کو

جو آپ اپنے مرنے سے پہلے موا   تو گویا حقیقت مین وہ جی گیا   جو کہا قبل موتوا کا بس نے ایقا   وہ جو درد مندی سے ہین آشنا
وہ شادی کیا لیتے ہین غم سے مزا

سلامی ملی دولہا رخصت ہوا   شتابی سے اُس دم محافہ منگا   کمر باندھ چہلکے سے ہو کر کھڑا   وہ دولہا نے دولہن کو گودی مین لا
بٹھا یا محافہ مین آخر کو لا

وہ ہر چند روتی رہی زار زار   وہ ماں باپکا نام لیکر پکار   محافہ اُٹھا آخرش ایکبار   چلے لیکے جنڈول جسدم کہار
کیا دو طرف سے زر او سپر نثار

بہت نالے ماں باپ نے کر گئے   پھر آخر کو دل اپنے پتھر کئے   حفاظت کو ہمرہ برادر گئے   کھڑے تھے جو دہان چشم کو تر کئے
سو موتی انہون نے نچھاور کئے

کمر باندھ دامن اُلٹ کر شریر   وہ کیمن آتین کہنیون تیر شمشیر   وہ سہرے کی لڑیونکا ہو شگیر   اِدہر اور ادہر اپنے سہرے کو چیر
وہ اک چاند سا منہ دکہا بے نظیر

وہ اک ہاتھ سے باگ گھوڑیکی دبا   زمین پر اور اک اوسکا پاؤں رکا   وہ کچھ پڑھ کے پڑا کر دعا جیسا آ   سوار اپنے گھوڑے پہ ہوکر شتاب
کہ جون صبح ہو وے بلند آفتاب

اُٹھاتا ہوا مکت مجمر یکیو وہان   بٹھاتا ہوا دلمین عشرت کو ن   سناتا ہوا بیچ چلیو میان   دکھاتا ہوا حشمت و عظم شان
لئے ساتھ ساتھ اپنے نوبت نشان

جہیزون کے انبار پیش نگاہ　ادہر دائین جانب امیر و سپاہ　اُدہر بائین پہلو ہر اک خیر خواہ　وہ پیچھے تو چنڈول مین رشک ماہ
اور آگے وہ خورشید عالم پناہ

چلا سوے دولت سرا صبحدم　قدم اُٹھتا آہستہ تر دمبدم　امیران صحبت جمیل الشیم　پہر اگھر کو اپنے قدم با قدم
سواری لگا گھر مین اوترنے بہم

اُتار دلہن کو بصد عز و جاہ　ادا کی مناسب تھی جو رسم و راہ　ہر اک بات کو ہر طرح سے نباہ　غرض اسطرح جبکہ دلہن کو بیاہ
لے آیا جہان اوسکی تھی عیش گاہ

چلے گھر کو خدام چوکھٹ کو چوم　دُلہن دولہہ کا خوش ہوا ازدحوم　تو پہر حسب اقوال اہل نجوم　ہوئی وہ جو ہوتی ہین رسم و رسوم
کہ ظاہر مین تہی یہ بہی درکار دہوم

اسی دہوم سے بیتنے لگا واردات　گذشتہ ہوئی جبکہ چوتہی کی رات　بٹہائے جو اس نقش کے تہے نکات　اُٹہایا اسی دہوم مین لگتے ہات
پریزاد کا بیاہ چوتہی کے سات

ہوئی جبکہ شادی تمام اور اخیر　گئے جمع تہے سب وزیر و امیر　وکالت مین خود اُسکا ہو کر مشیر　وہ نجم النسا تہی جو دخت وزیر
گیا اوسکے والد کنے بے نظیر

لئے اردلی مین وہ کچہہ اک سپاہ　چہڑی اک سواری سے طے کر کے راہ　بیان کر کے خواہش بہت او وجاہ　کہا باپ کو اوسکے اے خیر خواہ
مرا بہائی ہے ایک فیروز شاہ

نہایت عقیل اور دانا بڑا　بڑا ہوشیار اور لکہا پڑہا　عمل اُسکا روشن ہے خورشید سا　سو مین تجہسے کہتا ہون اک التجا
کہ تو اوسکو فرزندی مین اپنی لا

بتایا نہایت خردمند اُسے　دکہایا عراق و سمرقند اسے　کیا ایسی باتون سے خورسند اسے　غرض ہر طرح کر رضامند اُسے
کیا حال پر اپنے پابند اُسے

ادا کی ہر اک طرح کی رسم و راہ　بلا کر وکیل اور قاضی گواہ　مراتب رکہا اپنے پیش نگاہ　پریزاد شہزادہ جو فیروز شاہ
دیا اوسکو نجم النسا سے بیاہ

اُسی آن سے اور اُسی موج سے　اُسی پان سے اور اُسی موج سے　اُسی مان سے اور اسی موج سے　اسی دہوم سے اور اسی فوج سے
اُسی شان سے اور اُسی اوج سے

وہی عیش و عشرت برابر عموم　شراب طرب سے اسیطرح جہوم　اُسی طرح ہو ہو کے خوش دُم دُم　ہوئی تہی جو کچہہ اسکی شادی مین دہوم
وہی سب تجمل وہی سب رسوم

نہ کچہہ رسم و حرف و حکایات مین　نہ کچہہ کہانے پینے کے اوقات مین　نہ زیور مین لنے بہول نہ بابات مین　دقیقہ نچہوڑا کسی بات مین
برابر رہی چہل دن رات مین

خوشی چہل دن رات عشرت مدام　مے عیش سے مست سب خاص و عام　خدا ساز یکسر ہوا اہتمام　خدا راست لایا اُنہونکے جو کام
بر آئے دلونکے مطالب تمام

فقط شاعرونکی ہین اوستادیان　کہ کیا بندشین کہول کر کہلا دین　ہزارون طرح کی ہین آبادیان　ہوئین متصل یہ جو دو شادیان

بسین انکا پھر آباد یان

پھرے دن تو اپنے وطن کو پھرے　　وہ روتے ہوئے کیدزن کو پھرے　　جھکاتے گنو نین مگر دفن کو پھرے　　پھرے بخت جب کچھ دونکو پھرے

وہ آشفتہ بلبل چمن کو پھرے

خوشی سے لئے حرمت و جاہ و مال　　شب و روز وہ دونو فرخندہ فال　　تو طے کرکے دریا و دشت و جبال　　وطن کی محبت کا آیا خیال

چلے شہر کو اپنے وہ حال حال

وہ نجم النسا اور وہ فیروز شاہ　　ادہر تو وہ جاتے تھے باعز و جاہ　　سفر کی منازل کی طے کرکے راہ　　گئے شہر کو اپنے وہ دونون ماہ

فلک پر سے ہو مثل خورشید و ماہ

رضا ان سے لیکر اسی آن مین　　الگ بانین کرتی ہوئے کان مین　　عجب آن مین اور عجب بان مین　　عجب طرز مین اور عجب شان مین

گئے شاد و خرم پرستان مین

یہ اقرار چلتے ہوئے کر گئے　　وہ دونو جدا ہو کے جب گھر گئے　　بہت آنسوؤں سے گھڑے بھر گئے　　وہ روتے ہوئے دیدہ تر گئے

کہ گو تم ادہر اور ہم ادہر گئے

تم اس غم سے مت ہو جیو سینہ ریش　　یہی اپنا دین ہے یہی اپنا کیش　　محبت بڑہی ایسی بس کہ بیش　　جدائی پہ الفت رہی بیش بیش

کہ ہم تم سے ملتے رہین گے ہمیش

تسلی وہ دے دیکے ادہر چلے　　غرض ہو کے رخصت برابر چلے　　یہ روئے یہ روئے سمندر چلے　　لگے کہنے رو رو کے کیا کر چلے

یہ ادہر لئے اپنا لشکر چلے

دورِ اخیر ہے قرابے اور خم خالی ہوئے مجلس انجام کو پہنچی ایمغان میکدہ آباد

رہے شیشہ قہقہے کرتا رہے اور جام خندان

پلا ساقیا آخری ایک جام　　سحر داستان کی ہوئی اب تو شام　　قرابے خم و شیشے پر ہو سلام　　رہے میکدہ مین سدا تیرا نام

کہ ہوتی ہے اب یہ کہانی تمام

وہ نزدیک پہنچے جب اس شہر کے　　وہ مفتون ہوئے دل کی ہر لہر کے　　فلک کے ستم بھی بڑے قہر کے　　اٹھائے ہوئے صدمے تھے دہر کے

کیا پاس جا خیمہ اک نہر کے

کیا جبکہ خلقت نے تفتیش حال　　ہوا منکشف فعل ماضی کا حال　　امیرونکو دشمن کا گذرا خیال　　کہین دہمین مین یہی قیل و قال

اور آنکھون سے دیکھا وہ بدر کمال

بڑا شہر مین یک بیک پھر یہ غل　　گئی گرد غم آب فرحت سے دہل　　ہوے اک زبان شہر کے لوگ کل　　گئی پھر تو ہر اک منڈی کچھ کھل

کہ غائب ہوا تھا سو آیا وہ گل

خبر یہ ہوئی جب کہ ماں باپ کو　　بہت یاس تھی بیگمان باپ کو　　کہا سب نے آ درمیان باپ کو　　یہ امید تھی اب کہان باپ کو

کیا گم انہون نے وہین آپ کو

زبس دل تو تہا یاس ہی سے بہرا   شجر دل کا گہہ خشک گہہ تہا ہرا   سمجھتے تہے کہوٹا جو کہتے کھرا   نہ اس بات کو کان ہرگز دہرا
یہ سُن بات پانون گئے تھرتھرا

لگے رونے آپس مین زار و نزار   نہ ضبط خموشی ہوا تو پکار   بہت بیقراری تہی انجام کار   ہوئے دونو سوتون مین دل بیقرار
کہا ہائے ہمکو نہین اعتبار

بلا دیگا ہم سے ہمارا حبیب   ہم ازبسکہ دل سے ہوئے ناشکیب   ہمارے مرض کا کہان ہے طبیب   ہم اب پہنچے ہین مرگ کے عنقریب
یہ دشمن نہین ایسے اپنے نصیب

یہ ہوگا کوئی دشمن بد سگال   کہان اوسکی صورت کجا قیل و قال   گیا جو کہ ہم کو مصیبت مین ڈال   کہان وہ مرا طفل فرخ خصال
سو مین آپ ہی ہون گرفتار حال

کوئی اسکا وارث تو آخر نہین   کوئی دم مین ہم ہونگے زیر زمین   خدا جانے کیا ہو یہ ملک و نگین   مرے بعد کون اس مکان کا مکین
وہی لیکے جائے یہ جھگڑا کہین

کہا سب نے صاحب چلو تو سہی   چلے آئیے آپ پہر کر ابھی   ہزارون نے بات ایک ہی سی کہی   اکٹھے ہوئے آ ملازم کبھی
یہ بیٹا تمہارا وہی ہے وہی

مگر رسنا جبکہ بیٹے کا ناون   ہوا خوب تحقیق نام اور ٹہاون   لگا چتر اور بیٹھکر اوسکی چہاون   پڑا جیت کا آکے اب اُسکا داون
چلا پہر تو روتا ہوا ننگے پاون

وہ آتا تہا جیسے کہ بیٹا اُدہر   ہم پہنچے جب دونو نزدیک تر   چلے کوچ اپنے مقامون سے کر   اِدہر سے تو بیٹا اودہر سے پدر
پڑی باپ پر جو یکایک نظر

جو ہین اپنے کعبہ کو دیکہا وہان   چلا دیکہتا بہالتا ناگہان   ادہر یہ روان اور اُدہر وہ دوان   کرون قبلہ اب آگے کیا مین بیان
چلا سر کے بل وہ نظیر جہان

گرا پانون پر کہکے یہ باپ کے   پڑا پانون پر رکہکے یہ باپ کے   جہکا پانون پر رکہکے یہ باپ کے   ٹکا پانون پر رکھکے یہ باپ کے
خدا نے دکہائے قدم آپکے

سُنی یہ صدا جو نہین اُس ماہ کی   نحوست گئی بخت گمراہ کی   کہ ہونٹون سے تا سینہ اک آہ کی   خوشی دل مین تہی کس طرح چاہ کی
تو اُس غم رسیدہ نے اک آہ کی

اُٹہا کر قدم پر سے چہاتی لگا   پہر آخر کو ہاتھ اُسنے اپنے بڑہا   قدم چومتا صورت نقش پا   رہا دیر تک وہ قدم چومتا
لپٹ کر گہڑی دو تلک خوب بہا

یہ بلکا یہ بلکا کہ غش کر چلا   یہ رویا یہ رویا کہ غش کر چلا   یہ تڑپا یہ تڑپا کہ غش کر چلا   یہ پہڑکا یہ پہڑکا کہ غش کر چلا
کہے تو کہ آنسو کا لشکر چلا

ملے پہر تو آپس مین وہ خوب سے   بہم ہو کے مرغوب مرغوب سے   ملاقات طالب تہی مطلوب سے   ملا آکے محبوب محبوب سے
کہ یوسف ملے جیسے یعقوب سے

وہ گل گل شگفتہ ہوا گل کی طرح   وہ کوکو کیا خوش ہو بلبل کی طرح   ہنسے شیشہ میکے قلقل کی طرح   بل اور پیچ پر زلف سنبل کی طرح

یہ گل کیطرح اور وہ بلبل کیطرح

امیر و وزیر و کبیر و صغیر — وہ ارکان دولت دبیر و مشیر — صغیر و کبیر و مشیر و دبیر — ہوئے شاد و خرم صغیر و کبیر
چلے دیکھنے لشکرین امیر و وزیر

طرب عیش کی جنس سستی ہوئی — بھری تھی جو ہمت ترستی ہوئی — گھری مینہ کی بدلی برستی ہوئی — مئے عیش سے سب کو مستی ہوئی
نئے سر سے آباد بستی ہوئی

بڑی آن سے اور بڑی تان سے — بڑی تان سے اور بڑی بان سے — بڑے شوق اور بڑے ارمان سے — بڑی دھوم سے اور بڑی آن سے
بجاتے ہوئے نوبتین شان سے

جو گل تھا کھلا ہجر کے داغ مین — وہ انگارہ تھا ہجر کے داغ مین — خزان جو بنا ہجر کے داغ مین — وہ پھولا جو تھا ہجر کے داغ مین
ہوئے جا کے داخل اُسی باغ مین

نہایت خوشی کی ہے یہ وقت بات — حلاوت سے ہونٹ اپنے چاٹے نبات — کیا پردہ اور روک کر اک قنات — زنانی سواری اتروا کے ساتھ
پکڑ اُس گل نو شگفتہ کا ہات

بہار آئی خوش باغ اور باغبان — شگفتہ ہوئے لالہ و ارغوان — برآمد ہوئی اب چمن سے خزان — درآمد ہوا گھر مین سرو روان
لئے ساتھ اپنے وہ غنچہ دہان

تھی سرسبز سیراب بوٹی جڑی — ادب سے کھڑی اک سرو قد تھی اڑی — اُٹھایا قدم ہاتھ مین لے چھڑی — کہ اتنے مین آگے نظر جو پڑی
تو دیکھا کہ ہے راہ مین ماں کھڑی

ضعیف و نحیف اور زار و نزار — بدل شوق دید اور بجان اضطرار — نہ ضبط اس سے ہو سکا دل ہوا بیقرار — بہی چشم سے آنسوؤں کی قطار
گرا ماں کے پاؤن پہ بے اختیار

ملے مدتون مین جو بچھڑے بھلے — گہر آنسوؤن کے ہزارون ڈھلے — اُٹھے دل سے دونون کے جو ولولے — وہ ماں خوب بیٹے کے لگ کر گلے
یہ روئے کہ آنسو کے نالے چلے

بڑی روک سے دیکھو آنسو کا — جو مینہ اشک کا مشکلو لینے تھا — تو پھر ہو کے بشاش خوشدل ذرا — بہو اور بیٹے کو چھاتی لگا
وہ دونون کی دو ہاتھ سے لی بلا

بہت سا کیا شکر پروردگار — ہزارون ہی سجدے کئے بار بار — نہایت خوشی سے دل بیقرار — ہوئی جان او جی سے اُن پر نثار
پیا پانی اون دونون پر وار وار

جو دیکھے وہ گل دل ہوا باغ باغ — خوشی سے ہوا سینہ مین جی فراغ — ملا پھر نہ ڈھونڈے فلک کا سراغ — جگر پر جو تھے درد اور غم کے داغ
بجھے وصل سے ہجر کے وہ چراغ

رہا کچھ نہ بلبل کو گل کا گلا — ہوا شکل آئینہ ہر گل جلا — خوشی چل ہے غم کے بدلے صلا — سب آپس مین رہنے لگے مل ملا
پھر آئے چمن مین وہ گل کھلکھلا

وہ شمعین مگر شمع ایمن ہوئین — زمینین سبھی گل کا دامن ہوئین — وہ ہین باغ روشن جو تھین بن ہوئین — وہ آنکھین جو اندھی تھین روشن ہوئین
زمین جو تھین رشک گلشن ہوئین

جہان مین ہے جاری یہی رسم و راہ | گدا ہووے اسمین یا کوئی شاہ | نکل جائین ارمان دل خواہ خواہ | زبس باپ مان کو تھی سہرے کی چاہ
دوبارہ اُنہون نے کیا اُسکا بیاہ

مہیا ہو سامان سب خاص و عام | تزک پھر کرون اور کرون انتظام | مری عمر کی ہووے گر صبح و شام | لکھون گر مین اس بیاہ کی دہوم دہام
تو پھر یہ کہانی نہ ہووے تمام

تزک بادشاہانہ فرمایا لاؤ | امیر اور ارکان دولت بلاؤ | وہ سامان یکسر مناسب کہاؤ | بناؤ نکی تقدیر کا جو بناؤ
نکالے اُنہون نے وہ سب لیکے چاؤ

نہ گل تھا نہ غنچہ تھا نے باغبان | نہ تھی آتش گل کی گرمی یہان | بہار آئی بدلی ہوا مہربان | وہ جیسی کہ اُس باغ مین تھی خزان
بسے آکے پھر اوسمین سب گلرخان

گلون کی روش پھر اُڑے قہقہے | چمن خشک جو تھے ہوئے وہ ہرے | نہ دور خزان ہوا کہہ گئے | محل مین عجائب ہوئے چہچہے
وہ مُرجہائے گل پھر ہوئے لہلہے

وہی دن وہی رات وہ صبح و شام | وہی عیش و عشرت کا ٹہیرا قیام | وہی بندوبست وہی انتظام | وہی لوگ اور وہی جہ چے تمام
وہی نازو انداز کے اپنے کام

وہی باغ و گلشن وہی باغبان | وہی سرو لالہ و ارغوان | چمن ہے وہی اور وہی طوطیان | وہی بلبلین اور وہی بوستان
شگفتہ گلو مجمع دوستان

زمانہ پھرا بدلے ہین کیسے دن | گذرنے لگے ساغر و مے بیچ دن | خدایا ہمارے پھرین ویسے دن | اُنہون کے جہان مین پھرے جیسے دن
ہمارے تمہارے پھرین ویسے دن

دعا مانگتا ہے ہر اک خاص و عام | گھڑی پہر دن اور رات اور صبح و شام | برائے بتولؑ و برائے امامؑ | ملین سب کے بچھڑے الٰہی تمام
بحق محمدؐ علیہ السلام

طلب تجھسے کرتے ہین ارادہم | تجھی سے کیا چاہین فریادہم | نہایت ہوئے ابتو برباد ہم | ہوے جیسے وہ شاد ہون شاد ہم
رہین شہر مین اپنے آباد ہم

غریبو پہ تیرا کرم بے حساب | گنہ بخش کر دیگا تو لو ثواب | دعا میری مقبول ہو و مستجاب | رہے شاد نواب عالی جناب
کہ ہے آصف الدولہ جس کا خطاب

رہے اوسکو ملتا سراغ مراد | سدا چہکے اوسکا ایاغ مراد | رہے تازہ باغ فراغ مراد | خوشی اوسکی ہو سرو باغ مراد
رہے روشن اوسکا چراغ مراد

مری سن لے یا رب تو عرض سخن | پئے پنج تن اور شاہ زمن | یہ باطن کی ہے عرض با ذوالمنن | بحق حسینؑ اور بحق حسنؑ
رہون شاد مین بہی غلام حسن

ملے مجکو میرے سخن کا صلا | ملاے معانی تو دے ہی جلا | ہے اس بحر مین موج کا سلسلا | ذرا منصفو داد کی ہے یہ جا
کہ دریا سخن کا دیا ہے بہا

پڑھو اور سنو اسکا اک ایک حرف | ہے ہر حرف اسکا بخط شگرف | ہوے مشک سے سو تو ابتک نہ حرف | زبس عمر کی اس کہانی مین صرف

تب ایسے یہ نکلے ہین موتی سے حرف

سنین بات میری صغیر و کبیر امیر و وزیر و مشیر و دبیر کمان ہو گیا قد جو تھا مثل تیر جوانی سے جب ہو گیا مین پیر

تب ایسے یہ نکلے سخن بے نظیر

بھی اسمین گلکاریان ہین بڑی ہے شنگرف خون شفق سے کڑی سیاہی مین آب گہر ہے پڑی نہین مثنوی ہے یہ اک پھلجھڑی

مسلسل ہے موتی کی گویا لڑی

مضامین نئے اور نئے وضع ان نئی بندشین اور نئی داستان معانی نئے اور نیا امتحان نئی طرز ہے اور نئی ہے زبان

نئی مثنوی ہے یہ سحر البیان

کرینگے پسند اسکو سب خاص و عام مرصع یہ منشور ہے بس تمام یقین ہے خدا سے کہ بیشک مدام رہیگا جہان مین مرا اس سے نام

کہ ہے یادگار جہان یہ کلام

قلم شاخ مرجان سی موزون کیا اٹھا مشک نافہ سیہ گون کیا شقایق سے قرطاس گلگون کیا ہر اک بات مین جبکہ دل خون کیا

تب اسطرح رنگین مضمون کیا

نظر اسپہ فی الفور ٹک کیجئے خیال اک نئے طور ٹک کیجئے سر اپنے مگر دور ٹک کیجئے اگر واقعی غور ٹک کیجئے

صلہ اسکا کم ہے جو کچھ دیجئے

یہ جسنے سر اپنے اٹھا کر پڑھا کہا واہ وا واہ وا واہ وا جو باطن نے اسکا مخمس کیا غرض اسکو جسنے سنا یہ کہا

حسن آفرین مرحبا مرحبا

ہر اک مثنوی شاعرون نے کہی بھلا خیر صاحب وہ اچھی سہی عبارت مضامین ہین خاصے سبھی جو منصف سنے گا کہیگا یہی

ہوئی ہے نہ ایسی نہوگی کبھی

بلیغ و متین صاحب قال و قیل وہ رکھتے ہین جاہ و جلال جلیل مرے دوست ہین اور میرے خلیل مرے ایک مشفق ہین مرزا جمیل

وہ ہین شاہ راہ سخن کی دلیل

انہون نے ز راہ عنایات تام توجہ بدل کر کے ہر صبح و شام بغور و بفکر و باحسان عام سنی مثنوی یہ جو مجھسے تمام

دیا اس کی تاریخ کو انتظام

نہین کوئی جلد انکے اشعار سی یہانتک کہ بیدل کو ہی عار سی ہو آسان جو مشکل ہو دشوار سی زبس شعر کہتے ہین وہ فارسی

ہر اک شعر انکا ہے جون آرسی

وہ راقم ہین کیسے جواہر رقم فصاحت مین سحبان بھی ہین نہ ہم تو سب کر کے شنجرف و کاغذ بہم انہون نے اٹھا کر شتابی قلم

یہ تاریخ کی فارسی مین رقم

زدم پہلوے جانب پہلوی برآوردہ ام معنی معنوی گہے طبع عالم کہے مولوی بہ تفتیش تاریخ این مثنوی

کہ نقش حسن شاعر دہلوی بچرخ آمدہ ابر آذر چرا کہ پنہان چکید در صدف گوئیا بساحل چو غواص سر کردہ پا

زدم غوطہ در بحر فکر رسا کہ آرم بکف گوہر مدعا ز سر تا قدم برکشیدم ردا کہ در قعر قلزم روم چون [illegible]

پے در شہوار کردم صدا بگوشم ز ہاتف رسید این ندا برین مثنوی باد ہر دل فدا تمام شد بتاریخ [illegible] ۱۱۹۲

۹۹ ھ